Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | بدھ ، 15 جولائی 2026ء ، 29 محرم الحرام 1448ھ ، قیمت 20 روپے | شمارہ 90

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس نرخ میں بتدریج مزید کمی لائی جائیگی، ڈی جی خوراک

پنجاب میں سرکاری گندم کا اجراء شروع قیمت 3800 فی من مقرر

گندم، آٹے اور روٹی کی قیمتوں کو مستحکم رکھنے کے لیے سرکاری گندم ذخائر کے اجراء کا آغاز، وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس نرخ میں بتدریج مزید کمی لائی جائیگی، ڈائریکٹر جنرل خوراک پنجاب

وزیراعظم شہباز شریف کیش لیس معیشت اور ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل خوراک پنجاب امجد حفیظ نے بتایا ہے کہ صوبے میں گندم، آٹے اور روٹی کی قیمتوں کو مستحکم رکھنے کے لیے سرکاری گندم ذخائر کے اجراء کا آغاز کر دیا گیا ہے اور سرکاری گندم 3,800 روپے فی 40 کلوگرام کے نرخ پر جاری کی جا رہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ وقت (بقیہ نمبر 40)

ایچی سن لیول کے بوائز اینڈ گرلز سکول قائم کرنے کی منظوری

لاہور، وحدت کالونی کے 2 سرکاری سکول ایچی سن کالج طرز میں تبدیل کیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب میں ایچی سن لیول کے بوائز اینڈ گرلز سکول قائم کرنے کی منظوری دیدی گئی ،وحدت کالونی کے 2 سرکاری سکول ایچی سن کالج طرز کے تعلیمی اداروں میں تبدیل کیے جائیں گے۔ پنجاب حکومت نے لاہور کی وحدت کالونی میں (بقیہ نمبر 41)

اپنے بیٹوں کو ڈبل تنخواہ پر باڈی گارڈز بھیج کر دکھائیں، عظمیٰ بخاری

جو فوجی جوان وطن کی خاطر جانوں کے نذرانے دیتے ہیں، ان کی قربانیوں کو پیسوں میں تولنا بہت تکلیف دہ عمل ہے

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے، "اے پتر ہٹاں تے نئیں وکدے، کی تھنی اے وچ بازار کڑے ۔ "جو فوجی جوان روز ہماری حفاظت کی خاطر جانوں کے نذرانے دے کر اپنے (بقیہ نمبر 44)

وزیراعظم کی سعودیہ پر حملوں کی شدید مذمت

پاکستان اس نازک گھڑی میں برادر ملک سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے پاکستان گزشتہ رات برادر ملک سعودی عرب پر کیے گئے حملوں کی شدید مذمت کرتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے بیان میں کہا کہ اس طرح کے (بقیہ نمبر 43)

فیلڈ مارشل کی ترک صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات

مشترکہ فوجی مشقوں، دفاعی پیداوار، ڈرون ٹیکنالوجی میں قریبی تعاون جاری رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد/انقرہ (این این آئی) چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے دو روزہ سرکاری دورہ ترکیہ کے دوران انقرہ میں ترک صدر رجب طیب اردوان سے اہم ملاقات کی جس (بقیہ نمبر 42)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

51 ویں بین الاقوامی سیرت النبی ﷺ کانفرنس کی تیاریاں تیز ہوگئیں

اسلام آباد (این این آئی) 51 ویں بین الاقوامی سیرت النبی ﷺ کانفرنس کی تیاریاں تیز ہوگئیں، ربیع الاول میں شایانِ شان انعقاد کا فیصلہ کیا گیا ۔وفاقی وزیر برائے مذہبی (بقیہ نمبر 46)

گوادر میں 5 کروڑ ڈالر کے سی فوڈ پارک کا منصوبہ

چینی اور آسٹریلوی کمپنیوں کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

گوادر (این این آئی) چین کی ہائیکنگ ٹریڈ کمپنی (ایس ایم سی پرائیویٹ) لمیٹڈ اور آسٹریلیا کی ماسٹر لیپ گروپ پرائیویٹ لمیٹڈ کے درمیان گوادر فری زون میں سی فوڈ پروسیسنگ انڈسٹریل پارک کے قیام کیلئے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط ہو گئے (بقیہ نمبر 45)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہر ضلع کے ڈپٹی کمشنر کو خراب پانی والے علاقوں کی نشاندہی کر کے فوری رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

خراب فلٹریشن پلانٹ کی بحالی کا حکم

ضلعی انتظامیہ کو دور دراز سے صاف پانی لانے والے علاقوں کی نشاندہی کا حکم، خوشاب، ڈی جی خان، رحیم یار خان اور بہاولپور کے ڈپٹی کمشنر سے رپورٹ طلب

ڈپٹی کمشنر کو متعلقہ اضلاع میں خراب یا بند فلٹریشن پلانٹس کی بحالی کیلئے اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت ، بندش اور خرابی کی شکایات فوری دور کرنے کا حکم

صاف پانی کی فراہم کیلئے واٹر ٹینک والے کلسٹر بیسڈ پلانٹ بھی قائم ہوں گے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس، صوبہ بھر میں واٹر فلٹریشن پلانٹس کی بحالی کا جائزہ، تفصیلی بریفنگ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبہ بھر میں واٹر فلٹریشن پلانٹس کی بحالی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب میں زیادہ خراب پانی والے علاقوں میں بوٹلنگ پلانٹس فنکشنل کر دیئے گئے ۔خوشاب، ڈی جی خان، بہاولپور اور رحیم یار خان میں بوٹلنگ پلانٹس تیار ہیں۔ خراب پانی والے علاقوں میں پانی کی بوتل ٹرکوں پر پہنچائی جائیگی۔ خوشاب بوٹلنگ پلانٹ کی ڈیجیٹل رپورٹ پیش، فی گھنٹہ 50 ہزار واٹر پروڈکشن کی استعداد ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر ضلع کے ڈپٹی کمشنر کو خراب پانی والے علاقوں کی نشاندہی کر کے فوری رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز (بقیہ نمبر 50)

ہمارے نوجوان ہمارا قیمتی قومی اثاثہ ہیں، وزیراعظم

قومی افرادی قوت کی قدرتی استعداد کی بہترین نشوونما کے لیئے بلاتفریق رنگ ونسل ہر مرد وخواتین کو یکساں مواقع کی فراہمی حکومتی ترجیحات میں شامل ہے

آیئے، ہم عہد کریں کہ ہم سب مل کر ایسا مستقبل تعمیر کریں جہاں صلاحیتوں کو بہترین انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے انہیں قومی خوشحالی میں تبدیل کیا جا سکے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہمارے نوجوان ہمارا قیمتی قومی اثاثہ ہیں ،قومی افرادی قوت کی قدرتی استعداد کی بہترین نشوونما کے لیئے بلاتفریق رنگ ونسل ہر مرد وخواتین کو یکساں مواقع کی فراہمی حکومتی ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیراعظم نے نوجوانوں کی ہنرمندی/ پیشہ وارانہ مہارت کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان آج اقوام عالم (بقیہ نمبر 54)

انقرہ (ترکی): چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر (این آئی (ایم)، ایچ جے) ترکی کے سرکاری دورے کے دوران ترک جنرل اسٹاف کے سربراہ جنرل سلچوک بائرکتار وغلو سے ملاقات کر رہے ہیں

کمشنر راولپنڈی سلمان غنی کا ہولی فیملی ہسپتال کا دورہ

مختلف وارڈز بشمول ایمرجنسی، کیتھ لیب، سی سی یو، او پی ڈی میں دی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا

فری میڈیسن ڈیلیوری اور ڈائیلاسز پروگرام کا جائزہ، ہسپتال میں جاری سیوریج پراجیکٹ کو ترجیحی بنیاد پر مکمل کیا جائے

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے ہولی فیملی ہسپتال کا دورہ کیا اور مختلف وارڈز بشمول ایمرجنسی، کیتھ لیب، سی سی یو، او پی ڈی میں دی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم ایس ہولی فیملی ڈاکٹر اعجاز، اسسٹنٹ کمشنر سٹی ایمان ظفر، ڈائریکٹر ہیلتھ و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے ۔کمشنر راولپنڈی نے وزیر اعلیٰ پنجاب فری (بقیہ نمبر 1)

کمشنر راولپنڈی سلمان غنی ہولی فیملی ہسپتال کے دورہ کے دوران مریضوں کے لواحقین سے بات چیت کر رہے ہیں

بھارت نے آب دوزوں پر 12 ایٹمی وار ہیڈ نصب کر دیے، ملیحہ لودھی

اسلام آباد اے ایف پی) سابق سفیر ڈاکٹر ملیحہ لودھی نے پاکستان اور بھارت میں ایک اور جنگ کے خطرے کا بتا دیا۔ ایک ٹی وی پروگرام میں جنگ کے خطرے کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ملیحہ لودھی نے کہا کہ مصدقہ اطلاعات آ رہی ہیں کہ بھارت نے عملی طور پر اپنی آب دوزوں پر (بقیہ نمبر 47)

سینیٹر روبینہ خالد کی بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں لائیو ای کچہری

بی آئی ایس پی کے آفیشل فیس بک پیج کے ذریعے خواتین مستحقین نے فون کالز کے ذریعے اپنے مسائل سے آگاہ کیا

رقم ڈیجیٹل والٹ میں منتقل ہونے پر متعلقہ بینک کی جانب سے ایس ایم ایس موصول ہوگا، چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد

اسلام آباد (این ای این) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں بی آئی ایس پی کے آفیشل فیس بک پیج کے ذریعے لائیو ای۔ کچہری کا انعقاد کیا، جس میں ملک بھر سے خواتین مستحقین نے فون کالز کے ذریعے اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ ای۔ کچہری کے دوران اپنے پیغام میں سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ صدر پاکستان جناب آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایات پر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نے مستحق خواتین کی سہولت، شفافیت اور آسانی کے لیے ڈیجیٹل (بقیہ نمبر 4)

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد بی آئی ایس پی کے آفیشل فیس بک پیج کے ذریعے لائیو ای۔ کچہری میں مستحقین خواتین کے مسائل سن رہی ہیں

سرگودھا، اوورچارجنگ اور اوورلوڈنگ کیخلاف کاروائی تیز کر دی گئی

اوورچارجنگ پر نجی ٹرانسپورٹ کمپنی کیخلاف ایکشن، گاڑی تھانے میں بند

سرگودھا (این این آئی) مسافر سے اوورچارجنگ کی شکایت کا نوٹس لیتے ہوئے نجی ٹرانسپورٹ کمپنی کے خلاف ایکشن کر کے گاڑی کا چالان کر (بقیہ نمبر 55)

لاہور: صوبائی وزیر تعمیرات وسواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ مون سون کی تیاریوں کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پمز ملک کا سب سے بڑا ریفرل ہسپتال ہے، وزیر صحت

یومیہ سات سے نو ہزار مریض علاج کے لیے آتے ہیں، سید مصطفیٰ کمال کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پمز ملک کا سب سے بڑا ریفرل ہسپتال ہے جہاں روزانہ سات سے نو ہزار مریض علاج کے لیے آتے ہیں، مریضوں اور تیمارداروں کی مجموعی تعداد 30 سے 40 ہزار تک پہنچ (بقیہ نمبر 56)

مری میں گیس چوری کا بڑا نیٹ ورک بے نقاب

مقامی ہوٹل کیخلاف کامیاب کارروائی

کارروائی کے دوران ہوٹل کا گیس میٹر اور ایل پی جی سلنڈرز منقطع کیے گئے، تاہم گیس آلات بدستور چلتے رہے

غیر قانونی پائپ لائن، فلنگز اور والوز کو اکھاڑ کر تحویل میں لے لیا گیا، 2 کروڑ مالیت کی گیس چوری کی گئی، ابتدائی تخمینہ

کامیاب مشترکہ آپریشن کے دوران لوئر بازار، مری میں واقع مقامی ہوٹل میں قائم غیر قانونی گیس نیٹ ورک بے نقاب کر کے مکمل طور پر ختم کر دیا۔ ترجمان کے مطابق 08 جولائی 2026 کو ایس این جی پی ایل اسلام آباد ریجن کی ٹیم نے ڈی سی مری اور پولیس اسٹیشن کلڈنہ کی معاونت سے خفیہ اطلاع پر کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران ہوٹل کا گیس (بقیہ نمبر 2)

لاہور (این ای این) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) اسلام آباد ریجن نے ڈی سی مری اور پولیس کے تعاون سے ایک

اسلام آباد پولیس نے مختلف گینگز کے 6 ارکان گرفتار کر لئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران راہزنی، موٹر سائیکل، موبائل فون اور دیگر قیمتی اشیاء کی چوری میں ملوث گینگز کے 6 ارکان کو گرفتار کر کے لاکھوں روپے مالیت کے پانچ قیمتی موبائل فون، چار چوری شدہ موٹر سائیکلیں، نقدی اور وارداتوں میں (بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد چیمبر میں پاک۔ سعودی سرمایہ کاری کے مواقع پر خصوصی سیشن کا انعقاد

آئی سی سی آئی اور الراعی گروپ پاک۔ سعودی کاروباری روابط کے فروغ کیلئے پرعزم

سعودی عرب میں کاروبار کے قیام کیلئے ون ونڈو سہولیات فراہم کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے قائم مقام صدر طاہر ایوب نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو اب ایک مضبوط اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنے کا وقت آ گیا ہے، سعودی وژن 2030 دونوں ممالک کے نجی شعبوں کے لیے تجارت، سرمایہ کاری (بقیہ نمبر 48)

ملک میں گاڑیوں کی فروخت 40 فیصد بڑھ گئی

بہتر آٹو فائنانسنگ اور نئے ماڈلز کی آمد نے گاڑیوں کی فروخت بڑھا دی

کراچی (این این آئی) ملک میں گاڑیوں کی فروخت 40 فیصد بڑھ گئی۔ پاکستان آٹو موٹیو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن نے کار، رکشہ، ٹریکٹر اور موٹر سائیکلوں کی فروخت کا ڈیٹا جاری کر دیا۔ پاکستان کی کار انڈسٹری تیزی سے بحالی کی جانب گامزن (بقیہ نمبر 52)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن ناصر علی خان کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹیگیشن ناصر علی خان نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹیگیشن ناصر علی خان کا پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل (بقیہ نمبر 53)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن ناصر علی خان کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

سی ڈی اے سینی ٹیشن ڈائریکٹوریٹ کی نجکاری قبول نہیں، چوہدری یٰسین

اسلام آباد (این این آئی) سی ڈی اے سینی ٹیشن ڈائریکٹوریٹ کی نجکاری کسی بھی صورت قبول نہیں کی جائے گی اور اس حوالے سے ہر جمہوری و قانونی فورم پر ملازمین کے حقوق کا دفاع کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین، صدر اورنگزیب خان، جوئنٹ مین راجہ شاکر زمان کیانی، سپریم ہیڈ مرزا سعید (بقیہ نمبر 51)

اسسٹنٹ کمشنر بیوٹیفکیشن سکیموں کی مسلسل نگرانی یقینی بنائیں

اپنی تحصیلوں میں جاری منصوبوں کا موقع پر جائزہ لیں گے اور کام کے معیار، رفتار اور شفافیت کا تفصیلی معائنہ کریں گے

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت راولپنڈی میں جاری بیوٹیفکیشن منصوبوں کا جائزہ اجلاس

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی راولپنڈی میں جاری بیوٹیفکیشن منصوبوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت ضلع بھر میں جاری بیوٹیفکیشن منصوبوں کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں راجہ بازار، کمرشل مارکیٹ اور راولپنڈی کی تمام تحصیلوں میں زیر تعمیر جاری تزئین و آرائش اور خوبصورتی کے منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں تمام تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، چیف آفیسر ضلع کونسل، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہدایت کی کہ تمام (بقیہ نمبر 8)

صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنا اولین ترجیح ہے

ڈی سی راولپنڈی

اچھی کارکردگی پر انعام اور ناقص کارکردگی پر بلا امتیاز احتساب یقینی بنایا جائے، دیہی علاقوں میں صفائی کا معیار مزید بہتر بنایا جائے

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی وچیئرمین راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کا آرڈیلیو ایم سی کے ہیڈ کوارٹر کے دورہ کے موقع پر خطاب

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی و چیئرمین راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کہا ہے کہ راولپنڈی میں صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، مانیٹرنگ کو مزید مؤثر بنایا جائے، اچھی کارکردگی پر انعام اور ناقص کارکردگی پر بلا امتیاز احتساب یقینی بنایا جائے، دیہی علاقوں میں صفائی کا معیار مزید بہتر بنایا جائے ، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کو ایم ڈی ایس پی اے راولپنڈی رانا ساجد صفدر شہر کی صفائی کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

کندھ کوٹ: بی ایس فیڈر کا شگاف چوتھے روز بھی بند نہ ہو سکا

مرمتی کام پر سنگین سوالات، متاثرین کا اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ): گڈو بیراج سے نکلنے والی بی ایس فیڈر نمبر کے آر ڈی 51 پر زور گڑھ کے قریب پڑنے والا شگاف چوتھے روز بھی مکمل طور پر بند نہ کیا جا سکا، جس کے باعث متاثرہ علاقوں کے کاشتکاروں اور رہائشیوں میں شدید تشویش پائی (بقیہ نمبر 5)

شاہ کوٹ، بے زمین افراد میں زرعی زمین کے آرڈرز تقسیم

رانا شکیل اصغر نے مستحق افراد میں زرعی زمین کے آرڈرز تقسیم کیے

شاہ کوٹ (میاں داؤد): وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق "اپنا کھیت، اپنا روزگار " منصوبے کے تحت تحصیل شاہ کوٹ میں اسسٹنٹ کمشنر آفس شاہ کوٹ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں مستحق اور بے زمین افراد میں زرعی زمین کے آرڈرز تقسیم کیے گئے ۔تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر شاہ کوٹ ثاقب عدنان اور رکن (بقیہ نمبر 6)

پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل اور کوپیا کی جانب سے مویشیوں کی افزائش نسل کی جدید ٹیکنالوجیز پر بین الاقوامی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

جدید افزائش نسل اور جینومک ٹیکنالوجیز کی اہمیت پر زور

KOPIA پاکستان کے ڈائریکٹر مسٹر پارک انٹا نے KOPIA کے ان جدید ٹیکنالوجیز کی منتقلی کے عزم کا اعادہ کیا

جدید مویشیوں کی افزائش میں پاکستانی سائنسدانوں کی تکنیکی صلاحیت میں اضافہ ہوگا، ڈاکٹر محمد منصور

لاہور (این ای این) پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل (PARC) نے کوریا پارٹنرشپ فار انوویشن آف ایگریکلچر (KOPIA) کے تعاون سے قومی زرعی تحقیقاتی مرکز (NARC) اسلام آباد میں "Recent Trends in Genomic Breeding & Technologies for Cattle and Goat" کے موضوع پر دو ہفتے کی بین الاقوامی تربیتی ورکشاپ (بقیہ نمبر 3)

چیئرمین پی اے آر سی، ڈاکٹر سید مرتضیٰ حسن اندرابی، قومی زرعی تحقیقاتی مرکز، اسلام آباد میں "مویشیوں اور بکریوں کی افزائش اور جینوک ٹیکنالوجیز کے حالیہ رجحانات " کے موضوع پر منعقدہ بین الاقوامی تربیتی ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ اشاعت شروع اشاعت ایڈیٹر چیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بروقت اقدامات کی ضرورت

ملک میں قدرتی گیس کی قلت کے باعث لاکھوں گھروں' تجارتی مراکز اور صنعتوں کا انحصار ایل پی جی پر بڑھ چکا ہے۔ایسے میں آل پاکستان ایل پی جی انڈسٹری کی جانب سے گیس کی درآمدی لاگت' فریٹ ریٹس' بلوچستان میں سکیورٹی مسائل' طویل سپلائی روٹس' ٹرانسپورٹرز کو درپیش مشکلات اور ضابطہ جاتی پیچیدگیوں جیسے مسائل حل نہ ہونے کی صورت میں ہڑتال کی دھمکی دی گئی ہے۔ملک پہلے ہی توانائی کے شدید بحران سے دوچار ہے' ایسے میں ایل پی جی کی قلت پیدا ہوئی تو صارفین کی مشکلات میں اضافہ ہوگا۔گزشتہ چند ماہ کے دوران اس شعبے میں پیدا ہونیوالی بے یقینی اور منافع خوری نے پہلے ہی عوام کی مشکلات میں غیر معمولی اضافہ کیا ہے۔

اس وقت بھی ایل پی جی کی سرکاری قیمت تقریباً 241 روپے فی کلو مقرر ہے مگر مختلف شہروں میں یہ 350 سے 400 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہی ہے۔ضروری ہے کہ ایل پی جی کی سپلائی چین' درآمدی لاگت' فریٹ ریٹس' ریگولیٹری طریقہ کار اور قیمتوں کے تعین جیسے امور پر توجہ دی جائے اور مسائل کا حل نکالا جائے۔ایل پی جی کے ڈیلروں کی من مانی ناقابلِ قبول ہے۔حکومت کو چاہیے کہ ایل پی جی کی مقررہ قیمتوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے اقدامات کرے اور اس سلسلے میں جو بنیادی رکاوٹیں ان کا ازالہ بھی ہونا چاہیے۔

پٹرولیم قیمتیں اور حکومتی منطق

ڈاکٹر حسین احمد پراچہ

امنِ عامہ کی مخدوش صورتحال ہو یا تیل کی قیمتوں میں کمی کا معاملہ حکومت دلیل سے نہیں بلکہ من مانی سے کام لیتی ہے۔عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافے کی ادنیٰ سی جنبش بھی محسوس ہو تو یہاں یہ کہہ کر قیمتوں میں اضافہ کر دیا جاتا ہے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں مگر جب عالمی قیمتوں میں کمی ہو تو یہ بیان دے کر عوام کو کمی کے ریلیف سے محروم رکھا جاتا ہے کہ "خام تیل سستا ہونے سے پٹرول سستا ہونا لازمی نہیں"۔

میرے عزیز دوست پرویز ملک مرحوم کے ہونہار صاحبزادے اپنی تمام تر علمیت اور ذہانت کو حکومتی فیصلوں کے دفاع کے لیے صرف کر رہے ہیں۔وفاقی وزیر پٹرولیم نے اگلے روز پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے سے متعلق بیان دیا کہ پاکستان میں پٹرول کی قیمت سعودی خام تیل کے نرخ دیکھ کر طے نہیں کی جاتی' پٹرول کی قیمت طے کرنے کے لیے عالمی منڈی میں تیار پٹرول کے روزانہ نرخ دیکھے جاتے ہیں۔کرایہ' انشورنس اور دیگر اضافی و اتفاقی اخراجات کا تخمینہ بھی لگاتے ہیں۔بین السطوران کا کہنا یہ بھی ہے کہ عالمی سیاسی و موسمی حالات بھی دیکھتے ہیں' پٹرولیم لیوی کا حساب کتاب لگاتے اور پھر صارفین کے لیے نرخوں میں کمی کرنے کے بارے میں سوچتے ہیں۔وزیر پٹرولیم کے فرمان کا خلاصہ یہ ہے کہ نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی۔

وزیراعظم اور وفاقی وزیر خزانہ ہمیشہ یہ کہتے رہے ہیں کہ ہم تو قوم کو تیل کی قیمتوں میں ریلیف دینا چاہتے ہیں مگر کیا کریں کہ عالمی قیمتیں کم نہیں ہوتیں مگر جب اسلام آباد ایم او یو کے بعد عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی آئی تو حکومت کی طرف سے نئی نئی تاویلات پیش کی جاتی رہیں۔حقیقت یہ ہے کہ حکومت اپنے ٹیکسوں کا اونچا ہدف پٹرول کے مجبور صارفین سے ہی پورا کرتی ہے لہٰذا تیل کی درآمدی لاگت کے علاوہ اس میں طرح طرح کے ٹیکسوں سمیت ڈویلپمنٹ اور کلائمیٹ لیوی اور ڈیلرز کی کمیشن وغیرہ شامل کر کے صارفین سے اونچا ریٹ وصول کیا جاتا ہے۔اگر تیل کی عالمی قیمتیں اچانک بڑھ جاتی ہیں تو پاکستان میں بڑے بڑے سٹاک ہولڈرز کے پہلے سے موجود ذخیرے کی بنا پر ان کے منافع میں بہت بڑا اضافہ ہو جاتا ہے۔حکومت اس "اضافے" کا تھوڑا بہت شیئر بھی عوام کو منتقل نہیں کرواتی اور سارا بوجھ عوام پر ڈال دیتی ہے۔لیکن جب عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں کم ہوتی ہیں تو یہ تاویل سننے کو ملتی ہے کہ ہم نے تو مہنگا تیل خرید رکھا ہے' اب اس کی قیمت میں کمی کر کے قومی خزانے کو نقصان نہیں پہنچا سکتے۔جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کئی ماہ سے حکومت سے تیل کی قیمتوں میں کمی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ابھی ہفتہ عشرہ قبل انہوں نے کہا تھا کہ پٹرول کی قیمت کو 225 سے لے کر 250 روپے فی لٹر تک واپس لایا جائے مگر حکومت نے کمی کے برعکس پٹرول کی قیمت میں ناقابلِ برداشت اضافہ کر دیا ہے۔حافظ صاحب کا یہ مطالبہ کوئی سیاسی بیان نہیں بلکہ ان کی طرف سے یہ مطالبہ پٹرولیم سیکٹر کے ماہرین سے مشاورت کے بعد سامنے آیا تھا جس میں حکومتی اخراجات' ٹیکسوں اور آئل کمپنیوں کی بچت کا پورا پورا تخمینہ لگایا گیا تھا۔اب حافظ نعیم الرحمٰن صاحب پٹرول کی قیمتوں میں ناروا حکومتی اضافے کا کچا چٹھا عوام کے سامنے کھولیں اور بتائیں کہ کمی کے بجائے اضافہ کتنا غلط ہے۔

حکومت نے تیل کی قیمتوں کے نظام کو بھول بھلیوں میں الجھایا ہوا ہے۔عام صارف جب ٹی وی پر برینٹ یا امریکی تیل (WTI) کی قیمتوں میں کمی کے بارے میں سنتا ہے تو دامنِ امید کو تھام لیتا ہے۔پھر وفاقی وزیر پٹرولیم مختلف اداروں کے نرخوں کے علاوہ خام اور تیار تیل کے بارے میں عام صارف کو ناقابلِ فہم کہانی سنا دیتے ہیں اور فی لٹر کمی کے بجائے اضافے کا اعلان کر دیتے ہیں اور یوں ہر چیز مہنگی ہو جاتی ہے۔اگرچہ گزشتہ دو تین دہائیوں سے حکومت تیل کی دریافت کیلئے کئی زمینی و سمندری سائٹس کے مختلف منصوبوں پر کام کر رہی ہے۔مگر تیل کی بڑے پیمانے پر تلاش کیلئے مختلف مراحل سے گزرنا پڑتا ہے۔تلاش کے اس کام کیلئے سب سے پہلے سروے' پھر ڈرلنگ' اس کے بعد تیل کی نوعیت اور مقدار کے بارے میں معلومات یکجا کرنے اور حتمی نتائج اخذ کرنے تک ایک تفصیلی منصوبہ ہے جس کے مختلف مرحلوں کیلئے بھاری سرمایہ کاری درکار ہوتی ہے۔حکومت نے 2025-26ء میں 23 زیر سمندر سائٹس تیل کی تلاش کرنے والی کمپنیوں کو الاٹ کی ہیں۔سندھ میں سانگھڑ' بدین' گھوٹکی اور خیرپور کے مقامات پر تیل کی تلاش کا کام جاری ہے۔بلوچستان میں سوئی' کوہلو' بارکھان اور ژوب اور پنجاب میں پوٹھوہار' اٹک' چکوال اور جہلم اور خیبر پختونخوا میں کرک' خوست' ہنگو اور لکی مروت میں تیل اور گیس کی تلاش کا کام ہو رہا ہے۔مگر تلاش کے یہ سارے منصوبے چھوٹے پیمانے کے ہیں' ان منصوبوں پر آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی' پاکستان پٹرولیم اور پاکستان آئل فیلڈز لمیٹڈ کام کر رہی ہیں۔یہ سب پاکستانی کمپنیاں ہیں۔اب امریکہ نے عندیہ دیا ہے کہ وہ تیل کی کسی بہت بڑی کمپنی سے رابطہ قائم کر کے اسے پاکستانی آئل فیلڈز میں تیل کی دریافت کے منصوبوں پر کام کرنے کیلئے آمادہ کرے گا۔ہماری حکومت کو معلوم ہونا چاہیے کہ کوئی بھی بڑی آئل ڈرلنگ کمپنی کسی علاقے میں تیل کی ممکنہ موجودگی اور ارضیاتی رپورٹوں کے بعد اس ملک میں امنِ عامہ' قانون کی عملداری اور سیاسی استحکام کی صورتحال کا اچھی طرح جائزہ لینے کے بعد ہی وہاں کام کرنے کا فیصلہ کرتی ہے۔حکومت سوچے کہ موجودہ ملکی حالات میں کیونکر ایک بڑی آئل فائنڈنگ کمپنی یہاں آنے کا رسک لے سکتی ہے۔

جب عالمی منڈی میں تیل مہنگا ہوتا ہے تو حکومت پلک بھی جھپکنے نہیں دیتی اور پٹرول و ڈیزل کی قیمتیں بڑھا دیتی ہے مگر جب تیل سستا ہوتا ہے تو لیت و لعل اور ٹیکسوں اور طرح طرح کی لیویز کے حساب کتاب کی پٹاری کھول کر بیٹھ جاتی ہے۔پاکستان میں تیل کی قیمتوں کے تعین کا پورا نظام واضح اور شفاف ہونا چاہیے۔ممتاز ماہر اقتصادیات ڈاکٹر فرخ سلیم نے معاشی و مالی دلائل اور تیل کی قیمتوں کے میکانزم کو زیر بحث لا کر حکومت کو قائل کرنے کی کوشش کی کہ وہ قیمتوں کے تعین کے عمل کو شفاف بنائے' ٹیکس کم لگائے اور عالمی قیمتوں میں کمی کا سارا ریلیف عوام کو منتقل کرے۔ہم بھی حکومت کو اسی طرف متوجہ کریں گے کہ وہ ٹیکس جمع کرنے میں پیش آنے والی کمی صارفین سے پوری نہ کرے۔حکومت کو چاہیے کہ عوام سے حقائق نہ چھپائے اور انہیں بتائے کہ خطے میں ہر طرح کے سیاسی و حربی حالات کے باوجود پاکستان کو سبھی رعایت دیتے ہیں اور ایران آبنائے ہرمز سے گزرنے والے پاکستانی پرچم بردار آئل ٹینکر کو نہیں روکتی۔

ایک بار پھر امریکہ اور ایران کے درمیان گرم گفتاری دو طرفہ بمباری میں بدلتی نظر آ رہی ہے۔اگر خدانخواستہ دوبارہ جنگ شروع ہو جاتی ہے تو اس سے صرف اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو خوش ہوگا۔آج ساری دنیا ایران کے ساتھ کھڑی ہے۔کل عالمی معیشت کی تباہی کے بعد دنیا ایران کے خلاف بھی کھڑی ہو سکتی ہے' لہٰذا برادر اسلامی ملک کو احتیاط سے کام لینے کی ضرورت ہے۔

پی آئی اے کی نجکاری کے اسباق

شاہد کاردار

پاکستان کی سرکاری فضائی کمپنی پی آئی اے کا نجی ملکیت میں منتقل ہو جانا مجموعی طور پر ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔تاہم اس بارے میں بحث مباحثہ کا زیادہ تر فوکس اس کی کارکردگی میں بہتری کے وعدے پر ہے۔یوں زیادہ اہم بنیادی مسائل پس منظر میں چلے گئے ہیں۔اس مضمون میں ہم پی آئی اے کی نجکاری سے متعلق عمومی اخباری سرخیوں سے ہٹ کر گفتگو کریں گے اور اس نجکاری سے حاصل ہونے والے بڑے اسباق کو واضح کرنے کی کوشش کریں گے۔اصلاحات سے متعلق چار اہم اسباق نمایاں ہیں۔پہلا سبق یہ ہے کہ نجکاری نے پی آئی اے کی اصل قیمت وصول نہیں کی بلکہ صرف اسے نمایاں کیا۔پی آئی اے کی فروخت کو اصلاحات کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے لیکن اس بات پر بہت کم توجہ دی گئی کہ فروخت کو ممکن بنانے کیلئے پہلے ہی ٹیکس دہندگان کتنی بڑی قیمت ادا کر چکے تھے۔نجکاری سے پہلے ریاست نے فضائی کمپنی کے جمع شدہ قرضوں اور واجبات کو اپنے ذمے لیا۔یہ رقم 670 ارب روپے سے زیادہ تھی یعنی تقریباً ڈھائی ارب ڈالر۔مقصد یہ تھا کہ خریدار کو نسبتاً صاف مالی حیثیت والی کمپنی مل سکے۔

پی آئی اے کوئی الگ تھلگ مثال نہیں' یہ اس نظام کی ناکامی کی سب سے نمایاں مثال ہے جس کے ذریعے پاکستان اپنے سرکاری کاروباری اداروں کا انتظام چلا رہا ہے۔پی آئی اے کی نجکاری اور اس سے پہلے نجی ملکیت میں دیے گئے سرکاری بینکوں میں مشترک بات تھی' بیوروکریسی اور سرپرستی کے نظام پر مبنی سرکاری کنٹرول۔سرکاری کاروباری اداروں پر یہ کنٹرول ایسے بورڈز کے ذریعے نافذ کیا جاتا ہے جن میں بیوروکریسی کی بھرمار ہو۔بورڈز کے یہ ارکان مرتبہ' عزت و وقار اور مراعات تو حاصل کرتے ہیں لیکن ادارے کی قدر و قیمت تباہ ہونے پر انہیں نہ کوئی ذاتی نقصان اٹھانا پڑتا ہے اور نہ ان کی ساکھ متاثر ہوتی ہے۔نجی شعبے میں ناکامی کی صورت میں متعلقہ ڈائریکٹرز کو اپنی ساکھ اور شہرت کی صورت میں اس کی قیمت ادا کرنا پڑتی ہے لیکن سرکاری شعبہ میں ادارے تباہ ہوتے ہیں تو نقصانات کا بوجھ معاشرہ اٹھاتا ہے اور ناکامی کی نگرانی کرنے والے افراد اکثر کسی دوسرے بورڈ میں ٹرانسفر کر دیے جاتے ہیں۔ان کی جوابدہی سرے سے نہیں ہوتی۔سرکاری اداروں میں مشکل فیصلے مؤخر کر دیے جاتے ہیں جبکہ ٹیکس دہندگان پر پڑنے والا بوجھ بڑھتا رہتا ہے۔ریاست بروقت نجکاری نہیں کرتی بلکہ برسوں کی بدانتظامی کے بعد' جب بہت بڑا نقصان ہو چکا ہوتا ہے' اسے آخری آپشن کے طور پر اختیار کرتی ہے۔اس کے بعد ادارے کو قابلِ فروخت بنانے کیلئے ٹیکس دہندگان ان نقصانات کا بوجھ اٹھاتے ہیں۔نجکاری ادارے کی اصل قیمت کو سامنے لاتی ہے کیونکہ چلانے والوں نے اس ادارے کو اس مقام پر پہنچا دیا تھا۔یہ صورتحال اتفاقیہ نہیں بلکہ نظام کی ساخت کا حصہ ہے۔لہٰذا پی آئی اے سے حاصل ہونے والا بنیادی سبق یہ ہے کہ اصل اصلاح کسی سرکاری ادارے کو فروخت کرنا نہیں بلکہ ہمیں اس طرزِ حکمرانی کی اصلاح کرنا ہے جس کی وجہ سے نقصانات بغیر کسی احتساب کے ہوتے رہتے ہیں۔اس اقدام کے بغیر پاکستان اسی چکر کو دہراتا رہے گا: ناکامی' مالی امداد' نجکاری اور پھر بھول جانا۔

دوسرا سبق یہ ہے کہ نجکاری کا مطلب ہونا چاہیے مقابلے کی فضا میں شریک ہونا۔نجی شعبے کو حقیقی منتقلی کا مطلب یہ ہے کہ متعلقہ ادارہ کسی تحفظ' ترجیحی سلوک یا مسلسل مالی معاونت کے بغیر اپنی مسابقتی صلاحیت کی بنیاد پر زندہ رہے۔اگر نجکاری کے بعد بھی ادارے کو دوسرے اداروں سے آزاد مقابلے سے بچایا جائے یا خاموشی سے اس کے نقصانات معاشرے پر منتقل کیے جاتے رہیں تو ایسی اصلاحات کھوکھلی ہوں گی۔پی آئی اے کی نجکاری کا اصل امتحان یہ ہے اسے ایک نجی ادارے کی طرح کام کرنے کی آزادی دی جائے۔بعض دیگر اداروں (مثلاً بجلی تقسیم کار کمپنیوں ڈسکوز) کی نجکاری میں یہ ایک حقیقی چیلنج ہوگا کہ انہیں آزادانہ مقابلے سے بچانے کیلئے کوئی تحفظ فراہم نہ کیا جائے۔

تیسرا سبق یہ ہے کہ زیادہ تر سرکاری کاروباری ادارے نجکاری کے قابل ہی نہیں ہیں۔ان کی اکثریت تجارتی لحاظ سے اس قابل نہیں کہ انہیں چلایا جائے۔ایسے غیر قابلِ عمل اداروں (مثلاً پاکستان سٹیل ملز) کی نجکاری کی طویل کوششیں صرف نقصانات میں مزید اضافہ کرتی ہیں جن کی بھاری قیمت آخر کار ٹیکس دہندگان ہی ادا کرتے ہیں۔ایسے اداروں کیلئے سب سے کم لاگت والا راستہ نجکاری نہیں بلکہ یہ ہے کہ انہیں بند کر دیا جائے۔ان انتہائی خسارے والے اداروں کو بروقت بند کر دینے سے مسلسل نقصانات رک سکتے ہیں اور شہریوں' خصوصاً غریب طبقے پر بڑھتے ہوئے بوجھ سے بچا جا سکتا ہے کیونکہ بالآخر یہی لوگ اس کی قیمت ادا کرتے ہیں۔

چوتھا سبق یہ کہ نجکاری کا مقصد لازمی طور پر بالکل واضح ہونا چاہیے۔اگر اس عمل کو آگے بڑھانا ہے تو ریاست کو ہر نجکاری کے مقصد کے بارے میں واضح ہونا چاہیے۔کیا ریاست کا مقصد فوری مالی آمدن ہے یعنی مارکیٹ کسی ادارے کی جتنی قیمت برداشت کر سکتی ہے اتنی وصول کر لینا؟ اگر ایسا ہے تو بعض صورتوں میں ادارے کو ایک چلتے ہوئے کاروبار کے طور پر فروخت کرنے کے بجائے اس کے اثاثے الگ الگ فروخت کرنے سے زیادہ آمدن ہو سکتی ہے۔یا پھر حکومت کا مقصد یہ ہے کہ اس ادارے کو ایک فعال کاروباری یونٹ کے طور پر ایسے خریدار کے حوالے کر دیا جائے جس کے پاس متعلقہ شعبے کا تجربہ اور قابلِ اعتماد سابقہ ریکارڈ موجود ہو؟ یہ کام کرنا زیادہ مشکل ہے' خاص طور پر پاکستان کی ایسی سیاسی معیشت میں جس پر لوگوں کا اعتماد خاصا کم ہے۔نجکاری کے عمل میں اپنے اس مقصد کو واضح طور پر بیان نہ کرنا کنفیوژن' تنازع اور بداعتمادی کو جنم دیتا ہے۔ان بنیادی مسائل کے ساتھ ساتھ پی آئی اے کی نجکاری نے طریقۂ کار کی کمزوریاں بھی بے نقاب کیں۔پی آئی اے کی نجکاری میں عام لوگوں کو معلومات فراہم کرنے کیلئے کیونیکیشن کی حکمتِ عملی ناقص تھی۔عوام کیلئے معلوماتی دستاویز دستیاب نہیں تھی جس میں بولی دہندگان کیلئے اہلیت کے معیار' منتقل کیے گئے ہر اثاثے کی تخمینہ قدر' فروخت سے حاصل ہونے والی رقم کے حکومت اور کمپنی کے درمیان تقسیم' 135 ارب روپے کے وعدے کی ادائیگی کے شیڈول (جس میں دو تہائی رقم پہلے اور باقی بعد میں ادا کی جانی تھی) یا فروخت کے بعد کی ذمہ داریوں اور ان کے نفاذ کے طریقہ کار کی وضاحت کی گئی ہوتی۔غالباً یہ تمام معلومات فروخت کے معاہدے میں موجود ہوں گی۔اگر ایسا ہے تو انہیں عوام کے سامنے نہ رکھنے کا کوئی جواز نہیں۔شفافیت کی کمی غیر ضروری طور پر قیاس آرائیوں اور بداعتمادی کو جنم دیتی ہے۔شفافیت کوئی دکھاوے کی چیز نہیں ہے بلکہ یہ کسی عمل پر اعتماد پیدا کرنے' حکومت اور نجکاری کمیشن کی ساکھ کو تحفظ اور فروغ دینے اور کیپٹل مارکیٹس کو ترقی دینے کیلئے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔اس کے بغیر نیک نیتی پر مبنی اصلاحات بھی شک و شبہ کی نظر سے دیکھی جاتی رہیں گی اور اکثر صورتوں میں یہ شک جائز بھی ہوگا۔

(یہ مضمون ڈاکٹر ندیم الحق کی معاونت سے لکھا گیا)

SHOWBIZ شوبز

فری فلسطین پر مذاق، سیف علی خان تنقید کی زد میں آ گئے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار سیف علی خان ایک انٹرویو کے دوران فری فلسطین سے متعلق کیے گئے ایک تبصرے کے بعد سوشل میڈیا پر شدید تنقید کی زد میں آ گئے۔انٹرویو کے دوران صحافی انوپما چوپڑا نے بتایا کہ وہ بالی ووڈ اداکار خاویر باردیم کی اداکاری سے متعلق ایک قول کا حوالہ دینا چاہتی ہیں، جس پر سیف علی خان نے بات کاٹتے ہوئے مزاحیہ انداز میں کہا، کیا وہ فری فلسطین ہے؟ اس پر انوپما چوپڑا ہنس پڑیں اور جواب دیا نہیں۔

ٹیلر سوئفٹ کی شاہانہ شادی، ممدانی نے سکیورٹی اخراجات کی تفصیل بتا دی

میئر نیویارک کے مطابق گلوکارہ نے اپنی شادی کے سیکیورٹی اخراجات خود ادا کر دیئے

نیویارک (این این آئی) نیویارک کے میئر ظہران ممدانی نے انکشاف کیا ہے کہ عالمی شہرت یافتہ گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ نے اپنی شادی کے موقع پر سیکیورٹی اور پرمٹ سے متعلق تمام اخراجات خود ادا کیے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹیلر سوئفٹ نے نیویارک میں واقع میڈیسن اسکوائر گارڈن میں ہونے والی شادی کی تقریبات کے لیے 1 لاکھ 60 ہزار ڈالر سے زائد رقم ادا کی، جو سیکیورٹی، پولیس تعیناتی اور دیگر سرکاری اخراجات پر خرچ ہوئی۔پریس کانفرنس کے دوران میئر نے بتایا کہ یہ ادائیگی تقریب کے پرمٹ اور پولیس کی اضافی خدمات کے لیے کی گئی تھی، اور اس کے بعد شہر پر کسی اضافی مالی بوجھ کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔رپورٹس کے مطابق یہ ہائی پروفائل شادی تقریب نہایت سخت سیکیورٹی میں منعقد ہوئی، جس کے دوران اطراف کی سڑکیں بند کی گئیں۔

عامر خان نے تیسری شادی کے بعد ایک اور اہم فیصلہ کر لیا

سابق اہلیہ کرن راؤ اور بیٹے کیلئے بھی اپارٹمنٹ مختص ہوں گے، رپورٹ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ سپر اسٹار عامر خان نے تیسری شادی کے بعد ایک اور اہم قدم اٹھانے کا فیصلہ کر لیا۔بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق عامر خان نے حال ہی میں اپنی دیرینہ دوست اور بزنس پارٹنر گوری سپراٹ کے ساتھ سادہ تقریب میں قریبی عزیزوں اور دوستوں کی موجودگی میں شادی کی۔تازہ اطلاعات کے مطابق عامر خان ممبئی کے علاقے پالی ہل میں ایک منفرد رہائشی منصوبہ بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں جہاں ان کے خاندان کے زیادہ تر افراد ایک ہی عمارت میں رہ سکیں گے۔رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ بیلا وسٹا اور مرینا اپارٹمنٹس نامی دو ملحقہ رہائشی عمارتوں کو از سرِ نو تعمیر کیا جائے گا۔عامر خان پہلے ہی بیلا وسٹا میں کئی اپارٹمنٹس کے مالک ہیں جبکہ نئے منصوبے کے لیے وہ 100 کروڑ بھارتی روپے سے زائد کی سرمایہ کاری کر چکے ہیں۔

شیکھر سمن نے ایک بار پھر بی جے پی کو تنقید کا نشانہ بنا ڈالا

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکار اور میزبان شیکھر سمن نے اپنے ٹی وی شو میں ایک بار پھر حکمراں جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کو تنقید کا نشانہ بنایا، جس کے بعد سوشل میڈیا پر اس حوالے سے بحث چھڑ گئی۔رپورٹس کے مطابق شیکھر سمن نے اپنے پروگرام کے ایک حالیہ ایپی سوڈ میں بھارتی متوسط طبقے کے مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت عام آدمی کو صرف انتخابات کے دوران یاد کرتی ہے۔انہوں نے طنزیہ انداز میں کہا کہ جیسے آم کا موسم سال میں ایک بار آتا ہے، ویسے ہی عام آدمی کا موسم ہر 5 سال بعد، یعنی انتخابات کے وقت آتا ہے۔

Ministry of Federal Education and Professional Training
Project Management Unit

INVITATION TO BID

The Ministry of Federal Education and Professional Training through Project Management Unit are inviting sealed bids from the contractors duly enlisted with Pakistan Engineering Council (PEC) in appropriate category & having valid PEC license for the works as detailed below:

S.#	Name of work	NIT Cost (PKR)	Bid Security (PKR)	Date and Time of receiving of tenders on EPADs	Date and Time of opening of Tenders
1.	PROVISION OF FURNITURE FORDAANISH SCHOOL BHIMBER, AJK (FURNITURE WORK)	99,612,113	4,980,605	03-08-2026 at 2:00 pm	03-08-2026 at 2:30 pm

Conditions:

1. The firms may apply who fulfill the criteria mentioned in the Bid document available in the office of Project Director and **on EPADS version 2.0** at **(www.eprocure.gov.pk).** Last date for submission of applications is tabulated above. No bid will be received after closing time.
2. The interested firms should submit in the Technical Envelop duly stamped signed having the name of the firm, address(s), signature of representative, valid enlistment / renewal of firm with PEC (having relevant category and codes), tax registrations & Completion certificate of similar nature of work done during last 5 years. The details of the submissions are given in the bidding document.
3. The owner of the firm should submit the application and collect the tender by himself. In case of authorized person, authority letter (regarding the particular work) in favor of the person deputed on the letter pad of the firm is required along-with copy of CNIC. This shall be uploaded in the technical envelope. Details of submission are available in the bidding document. If any contractor wants to participate in tender opening process through their representative, they should issue authority letter on letter head pad of the firm depicting complete valid address & contact numbers along with attested copy of CNIC this shall be presented at the time of opening of the bid.
4. The Bid Security shall be in the form of Call Deposit bearing Name of Firm in favor of Project Director, PMU from local scheduled Bank of Pakistan in the technical envelope. Without call deposit the firms shall be rejected in the technical evaluation stage. Cash/ cheque will not be accepted.
5. The contractor will submit the documentary evidence as per instructions in the bidding documents, without which tender will be liable for rejection.
6. Procuring Agency may reject all bids or proposals at any time prior to acceptance of bid or proposal. The Procuring Agency shall upon request communicate, to any supplier or contractor who submitted a bid or proposal, but is not required to justify those grounds.
7. The bidding shall be conducted in line with the procedure prescribed under Public Procurement Rules 2004, e-Pak Procurement Regulations, 2023 and any Regulations, Regulatory Guides, Procurement Guidelines or Instructions issued by the Authority (from time to time), and is open to all potential bidders registered in the EPADS.
8. The electronic bids prepared in accordance with the instructions prescribed in the electronic bidding documents must be **submitted through EPADS on or before 2:00 pm 03rd August 2026.** Electronic bids will be **opened by using EPADS on the same day at 2:30 pm.**
9. Pre – Bid meeting is scheduled on 22nd July 2026 at 2:30 pm for clarification and details are mentioned in the bid document.

Note: This Tender Notice is also available on PPRA website www.ppra.gov.pk

PID (I) 418/26

Project Director | Project Management Unit (PMU)
Ministry of Federal Education and Professional Training
1st Floor, Pakistan Manpower Institute, Khayaban-e-Suharwardy, G-7/1 Islamabad

SPORTS سپورٹس

فیفا ورلڈ کپ، ریفری کے فیصلوں پر تنازع شدت اختیار کر گیا

نیویارک (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ میں ریفری کے متنازع فیصلوں اور وی اے آر کے استعمال پر تنازع مزید شدت اختیار کر گیا، سابق فیفا ریفری کرسٹینا انکل نے نئے ریفری پروٹوکول پر تحفظات کا اظہار کر دیا۔ارجنٹینا کی سیمی فائنل تک رسائی کے دوران مخالف ٹیموں نے کئی فیصلوں پر اعتراضات اٹھائے جس کے بعد سوشل میڈیا پر یہ تاثر بھی گردش کرنے لگا کہ ٹورنامنٹ میں لیونل میسی کی ٹیم کو فائدہ پہنچایا جا رہا ہے۔کوارٹر فائنل میں سوئٹزرلینڈ کے بریل ایمبولو کو مبینہ ڈائیونگ پر دوسرا ییلو کارڈ دکھا کر میدان سے باہر بھیجنے کے فیصلے کو سوئس کوچ مرات یاکین نے ناقابل قبول قرار دیا۔کرسٹینا انکل کے مطابق نئے وی اے آر پروٹوکول کے تحت ریفری کے بنیادی فیصلے تک تبدیل کیے جا رہے ہیں جو ان کے خیال میں وی اے آر کے اصل مقصد سے ہٹ کر ہے۔انہوں نے کہا کہ اس نظام کو مکمل آزمائش کے بغیر نافذ کرنے سے شائقین کے شکوک میں اضافہ ہوا ہے۔دوسری جانب فیفا نے جانبداری کے الزامات مسترد کرتے ہوئے اپنے ریفری سربراہ پیٹر لونگی کولینا کے سابق بیان کا حوالہ دیا ہے۔کرسٹینا انکل کے مطابق اگرچہ بیشتر فیصلے انہیں درست محسوس ہوئے تاہم حالیہ تنازعات اور مختلف کھلاڑیوں کے خلاف مختلف طرز کی سزاں نے شائقین کا اعتماد متاثر کیا

ایشین انڈر 18 والی بال چیمپئن شپ، پاکستان کی جیت تھائی لینڈ کو شکست

پاکستان اب (کل) کوارٹر فائنل میں پول اے کی رنر اپ ٹیم سے مقابلہ کریگا

ہانگیو (این این آئی) پاکستان نے ایشین انڈر 18 والی بال چیمپئن شپ میں تھائی لینڈ کو بھی شکست دے دی اور گروپ مرحلے میں ناقابلِ شکست رہا۔پاکستان نے اے وی سی ایشین بوائز انڈر 18 والی بال چیمپئن شپ 2026 میں شاندار کارکردگی کا سلسلہ برقرار رکھتے ہوئے اپنے آخری گروپ میچ میں تھائی لینڈ کو 3 - 0 سے شکست دے کر گروپ سی میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔چین کے شہر ہانگیو میں جاری ایونٹ میں پاکستان نے تھائی لینڈ کو 25 - 19، 25-19 اور 25-23 سے شکست دی۔قومی ٹیم نے ایونٹ میں مسلسل تیسری کامیابی حاصل کی اور پورے گروپ مرحلے میں ایک بھی سیٹ نہیں ہارا۔پاکستان اس سے قبل کرغیزستان اور قازقستان کو بھی 3-0 سے شکست دے کر کوارٹر فائنل میں رسائی حاصل کرنے والی پہلی ٹیم بن گیا۔پاکستان نے گروپ مرحلے میں کرغیزستان کو 25-10، 25-19 اور 25-17، قازقستان کو 25-14، 25-12 اور 25-9 جب کہ تھائی لینڈ کو 25-19، 25-19 اور 25-23 سے شکست دے کر تینوں میچز اپنے نام کیے۔پاکستان کی جانب سے فہد علی، محمد انس اور کپتان محمد عرفان نے نمایاں کھیل پیش کیا۔تیسرے سیٹ میں تھائی لینڈ کی مزاحمت کے باوجود پاکستانی کھلاڑیوں نے دباؤ کا بہترین انداز میں مقابلہ کرتے ہوئے میچ اپنے نام کیا۔پاکستان اب 16 جولائی کو کوارٹر فائنل میں پول اے کی رنر اپ ٹیم سے مقابلہ کرے گا۔

جوز بٹلر نے ویرات کوہلی کو پیچھے چھوڑ دیا

ساؤتھمپٹن (این این آئی) انگلینڈ کے کپتان جوز بٹلر نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز میں بھارت کے ویرات کوہلی کو پیچھے چھوڑ دیا۔جوز بٹلر نے ساؤتھمپٹن کے روز باؤل میں بھارت کے خلاف پانچویں اور آخری ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ میں شاندار سنچری اسکور کر کے ایک اہم سنگ میل عبور کر لیا۔بٹلر نے اوپننگ کرتے ہوئے 64 گیندوں پر 131 رنز کی دھواں دار اننگز کھیلی جس میں 12 چوکے اور 8 چھکے شامل تھے۔اس یادگار اننگز کی بدولت ان کے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کیریئر کے مجموعی رنز 4212 ہو گئے اور وہ اس فارمیٹ میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے بلے بازوں کی فہرست میں تیسرے نمبر پر پہنچ گئے۔اس دوران انہوں نے بھارت کے سابق کپتان ویرات کوہلی کا 4188 رنز کا ریکارڈ بھی پیچھے چھوڑ دیا جو انہوں نے 125 ٹی ٹوئنٹی میچز میں بنایا تھا۔اس فہرست میں پاکستان کے بابر اعظم 4593 رنز کے ساتھ پہلے جبکہ بھارت کے روہت شرما 4231 رنز کے ساتھ دوسرے نمبر پر موجود ہیں۔

لاہور قلندرز کا سپر لیگ کے لیے اپنی اسکواڈ کا اعلان

لاہور (این این آئی) لاہور قلندرز نے ایلسن موبل گلوبل سپر لیگ کے لیے اپنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا ہے جس کی قیادت نیوزی لینڈ کے آل راؤنڈر م

بقیہ 1

کی کہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی افواہوں اور غیر مصدقہ معلومات پر ہرگز یقین نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ مستند معلومات، رہنمائی یا کسی بھی شکایت کے اندراج کے لیے بی آئی ایس پی کے سرکاری سوشل میڈیا پلیٹ فارمز، قریبی بی آئی ایس پی دفتر یا بی آئی ایس پی ہیلپ لائن 080026477 سے رابطہ کریں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ بی آئی ایس پی کے سرکاری فیس بک پیج پر شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی تصویر اور نیلے رنگ کا تصدیقی نشان (Blue Tick) موجود ہے، جہاں سے پروگرام سے متعلق مستند معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ ای۔ کچہری کے دوران خواتین مستحقین نے مختلف مسائل اور سوالات پیش کیے، جن پر چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے متعلقہ افسران کو فوری کارروائی اور بروقت حل یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ مستحق خواتین کا اعتماد اور تعاون پروگرام کی بہتری کے لیے نہایت اہم ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی خاتون کو دھمکیوں یا افواہوں سے خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں، کیونکہ کسی فرد کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ کسی مستحق خاتون کی امدادی رقم بند کر سکے۔ انہوں نے خواتین پر زور دیا کہ وہ بلا خوف و خطر اپنی شکایات درج کرائیں تاکہ ذمہ دار عناصر کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

بقیہ 5

جا رہی ہے۔ شگاف کی مرمت میں غیر معمولی تاخیر اور تعمیراتی معیار پر بھی سوالات اٹھنے لگے ہیں، جبکہ مقامی افراد نے متعلقہ حکام سے معاملے کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے مقامی ذرائع کے مطابق محکمہ آبپاشی کی جانب سے مخصوص بھاری مشینری کے ذریعے مرمتی کام جاری ہے، تاہم بند کو مضبوط بنانے کے لیے معیاری طریقہ کار اختیار نہیں کیا جا رہا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نئی اور مضبوط مٹی لانے کے بجائے اسی بند سے مٹی کاٹ کر دوبارہ شگاف والی جگہ پر ڈالی جا رہی ہے، جس سے بند کی مضبوطی اور پائیداری پر سنگین خدشات پیدا ہو گئے ہیں علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ شگاف کی مرمت کے دوران بند کی پتھروں سے پچنگ بھی نہیں کی جا رہی، حالانکہ پانی کے دباؤ کو برداشت کرنے کے لیے یہ عمل انتہائی ضروری سمجھا جاتا ہے۔ ان کے مطابق اگر مرمت تکنیکی اصولوں اور معیاری طریقہ کار کے مطابق نہ کی گئی تو مستقبل میں دوبارہ شگاف پڑنے کا خطرہ موجود رہے گا، جس سے نہ صرف ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی بلکہ قریبی آبادیاں بھی دوبارہ خطرے سے دوچار ہو سکتی ہیں واضح رہے کہ بی ایس فیڈر میں شگاف پڑنے کے باعث بڑی مقدار میں پانی اردگرد کے علاقوں میں پھیل گیا تھا، جس سے متعدد کاشتکاروں کی فصلیں متاثر ہوئیں اور زرعی سرگرمیوں کو شدید نقصان پہنچا۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ انہیں پہلے ہی مالی نقصان اٹھانا پڑا ہے، اس لیے ناقص مرمتی کام مستقبل میں مزید تباہی کا سبب بن سکتا ہے متاثرہ کاشتکاروں، سماجی حلقوں اور علاقہ مکینوں نے چیف انجینئر آبپاشی، سیکریٹری آبپاشی سندھ، کمشنر لاڑکانہ، ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مرمتی کام کی شفاف اور تکنیکی نگرانی یقینی بنائی جائے، بند کو معیاری مٹی، پتھروں کی پچنگ اور انجینئرنگ اصولوں کے مطابق مضبوط کیا جائے، ذمہ دار افسران سے کام کی رفتار بہتر بنانے کا کہا جائے اور متاثرہ کاشتکاروں کے نقصانات کا بھی فوری ازالہ کیا جائے تاکہ مستقبل میں کسی بڑے سانحے سے بچا جا سکے

بقیہ 6

پنجاب اسمبلی رانا محمد ارشد کی نمائندگی کرتے ہوئے رانا شکیل اصغر نے مستحق افراد میں زرعی زمین کے آرڈرز تقسیم کیے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر شاہ کوٹ ثاقب عدنان نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کا "اپنا کھیت، اپنا روزگار" منصوبہ بے زمین افراد کو معاشی طور پر خودمختار بنانے کی جانب ایک اہم اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب عوام کی فلاح و بہبود اور غربت کے خاتمے کے لیے مختلف منصوبوں پر مؤثر انداز میں عمل پیرا ہے تاکہ مستحق خاندانوں کو باعزت روزگار کے مواقع فراہم کیے جا سکیں۔

بقیہ 7

روز راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ہیڈ آفس کے دورے کے موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا، راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ہیڈ آفس آمد پر ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی و چیف ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی رانا ساجد صفدر نے سینئر افسران کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر کا استقبال کیا اور انہیں کمپنی کے صفائی آپریشن، فیلڈ مانیٹرنگ، فلیٹ مینجمنٹ، آگاہی مہمات، ڈیجیٹل نظام اور دیگر انتظامی امور پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ راولپنڈی میں تقریباً 3772 سے زائد ورکرز دو شفٹوں میں شہر کی صفائی یقینی بنا رہے ہیں، روزانہ ایک ہزار ٹن کوڑا شہر سے اٹھایا جاتا ہے، شہر سے کوڑے کی منتقلی کیلئے 376 سے زائد گاڑیوں کا فلیٹ صفائی کا یہ آپریشن سرانجام دیتا ہے، بعدازاں ڈپٹی کمشنر نے کمپنی کے کنٹرول روم کا دورہ کیا، جہاں انہیں شہر بھر میں جاری صفائی آپریشن کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ، ورکرز کی ٹریکنگ، حاضری کے نظام، فلیٹ مانیٹرنگ اور دیگر اہم امور سے آگاہ کیا گیا، ڈی سی نے ہدایت کی کہ صفائی آپریشن کی مانیٹرنگ کو مزید سخت اور مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹیشن ورکرز کی مؤثر ٹریکنگ کے لیے میکانزم متعارف کرایا جائیں، شہر میں موجود کوڑے کے ڈھیروں کا جامع سروے، تمام ویسٹ کنٹینرز کا مکمل اور اپ ڈیٹ ڈیٹا مرتب کر کے پیش کیا جائے، جبکہ ہیپ اور کنٹینرز سروے کی تکمیل کے بعد متعلقہ سٹیٹکیشن بھی حاصل کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ فرائض میں غفلت یا ناقص کارکردگی پر مؤثر احتساب کیا جائے اور بالخصوص دیہی علاقوں میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں، ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی تجربہ کار سٹاف کے باعث بہترین کام کر رہی ہے، ملازمین کی تنخواہوں کی بروقت اور شفاف ادائیگی کو یقینی بنانا ادارے کی بہترین انتظامی کارکردگی کا مظہر ہے، سی ای او رانا ساجد صفدر نے ڈپٹی کمشنر کو یقین دلایا کہ ان کی تمام ہدایات پر مقررہ مدت کے اندر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا اور جدید ٹیکنالوجی، مؤثر مانیٹرنگ اور شفاف نظام کے ذریعے راولپنڈی کو مزید صاف، سرسبز اور مثالی شہر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 8

بیوٹی فیکیشن منصوبوں کو مقررہ ٹائم لائن کے مطابق اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو صاف، خوبصورت اور جدید شہری ماحول میسر آ سکے۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی کی تاریخی اور تجارتی اہمیت کے پیش نظر شہر کی خوبصورتی، صفائی اور شہری انفراسٹرکچر کی بہتری ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ اپنی اپنی تحصیلوں میں جاری بیوٹی فیکیشن سکیموں کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنائیں، منصوبوں کی رفتار اور معیار کا باقاعدگی سے جائزہ لیں اور کسی بھی رکاوٹ یا تاخیر کی فوری نشاندہی کرتے ہوئے اس کے بروقت ازالے کے لیے اقدامات کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ وہ خود بھی بہت جلد تمام تحصیلوں کا دورہ کریں گے، جاری منصوبوں کا موقع پر جائزہ لیں گے اور کام کے معیار، رفتار اور شفافیت کا تفصیلی معائنہ کریں گے تاکہ تمام ترقیاتی و بیوٹی فیکیشن منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کیے جا سکیں۔ اجلاس میں راجہ بازار اور کمرشل مارکیٹ سمیت اہم کاروباری مراکز میں جاری منصوبوں کی پیش رفت، معیار اور درپیش امور کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی سہولت، صفائی، خوبصورتی اور شہری ماحول کی بہتری کو ہر منصوبے کا بنیادی مقصد بنایا جائے اور تمام محکمے باہمی رابطے کے ساتھ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق راولپنڈی کو ایک صاف، سرسبز، خوبصورت اور جدید شہر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور بیوٹی فیکیشن کے تمام منصوبے مقررہ وقت میں مکمل کیے جائیں گے۔

بقیہ 9

بیوٹی فیکیشن منصوبوں کو مقررہ ٹائم لائن کے مطابق اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو صاف، خوبصورت اور جدید شہری ماحول میسر آ سکے۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی کی تاریخی اور تجارتی اہمیت کے پیش نظر شہر کی خوبصورتی، صفائی اور شہری انفراسٹرکچر کی بہتری ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ اپنی اپنی تحصیلوں میں جاری بیوٹی فیکیشن سکیموں کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنائیں، منصوبوں کی رفتار اور معیار کا باقاعدگی سے جائزہ لیں اور کسی بھی رکاوٹ یا تاخیر کی فوری نشاندہی کرتے ہوئے اس کے بروقت ازالے کے لیے اقدامات کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ وہ خود بھی بہت جلد تمام تحصیلوں کا دورہ کریں گے، جاری منصوبوں کا موقع پر جائزہ لیں گے اور کام کے معیار، رفتار اور شفافیت کا تفصیلی معائنہ کریں گے تاکہ تمام ترقیاتی و بیوٹی فیکیشن منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کیے جا سکیں۔ اجلاس میں راجہ بازار اور کمرشل مارکیٹ سمیت اہم کاروباری مراکز میں جاری منصوبوں کی پیش رفت، معیار اور درپیش امور کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی سہولت، صفائی، خوبصورتی اور شہری ماحول کی بہتری کو ہر منصوبے کا بنیادی مقصد بنایا جائے اور تمام محکمے باہمی رابطے کے ساتھ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق راولپنڈی کو ایک صاف، سرسبز، خوبصورت اور جدید شہر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور بیوٹی فیکیشن کے تمام منصوبے مقررہ وقت میں مکمل کیے جائیں گے۔

بقیہ 10

پنجاب ٹیم کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ اس کے علاوہ براہا باہتر میں زیر تعمیر مریم نواز ہیلتھ کلنک کی نئی عمارت کا معائنہ کیا جہاں تعمیراتی کام 80 فیصد مکمل ہو چکا ہے۔ ہیلتھ مینیجر اور عملہ اپنی ڈیوٹی پر حاضر تھا اور جون 2026 کے او پی ڈی کے ماہانہ اہداف حاصل کیے جانے پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 11

ماہ کے دوران ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف خصوصی مہم جاری رکھی۔ اس دوران گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کے خلاف مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے 66,089 سے زائد ٹریفک خلاف ورزیوں پر قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی، جبکہ 6,562 موٹر سائیکلوں اور 3,285 گاڑیوں کو مختلف تھانوں میں بند کیا گیا۔ اسی طرح سنگین نوعیت کی ٹریفک خلاف ورزیوں پر 379 مقدمات بھی درج کیے گئے۔ لین وائیلشن پر 7,625، رانگ وے ڈرائیونگ پر 4,392، بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلانے پر 3,569، غیر نمونہ نمبر پلیٹس کے استعمال پر 7,150، غلط پارکنگ پر 10,846، اوورلوڈنگ پر 4,105 جبکہ دیگر مختلف ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر بھی قانونی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ مزید برآں، اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ایجوکیشن ونگ نے شہریوں میں ٹریفک قوانین سے متعلق شعور اجاگر کرنے، روڈ سیفٹی کو فروغ دینے اور محفوظ سفری رویوں کی حوصلہ افزائی کے لیے سرکاری و نجی اداروں، تعلیمی اداروں، مارکیٹس اور اہم شاہراہوں پر 111 روڈ سیفٹی ورکشاپس اور دیگر آگاہی سرگرمیوں کا انعقاد کیا، جن کے ذریعے 94 ہزار سے زائد شہریوں کو ٹریفک قوانین، محفوظ ڈرائیونگ اور روڈ سیفٹی سے متعلق مؤثر آگاہی فراہم کی گئی۔ چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کا ثنات اظہر خان نے شہریوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ایک ذمہ دار اور مہذب شہری ہونے کا ثبوت دیں اور اپنی، اپنے اہلِ خانہ اور دیگر شہریوں کی حفاظت کے لیے ٹریفک قوانین کی مکمل پابندی کو اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ بغیر ڈرائیونگ لائسنس گاڑی چلانا نہ صرف قانون کی خلاف ورزی ہے بلکہ اپنی اور دیگر شہریوں کی جان و مال کو خطرے میں ڈالنے کے مترادف بھی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس کسی بھی فرد کو شہریوں کی جان و مال کو خطرے میں ڈالنے کی ہرگز اجازت نہیں دے گی اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ خصوصی مہم شہریوں کی جان و مال کے تحفظ، ٹریفک کے منظم نظام کے قیام، حادثات کی روک تھام اور شاہراہوں پر محفوظ سفری ماحول کو یقینی بنانے کے لیے شروع کی گئی ہے۔ سی ٹی او اسلام آباد نے مزید کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کے مربوط، منظم اور محفوظ نظام کو برقرار رکھنا، حادثات کی شرح میں نمایاں کمی لانا اور شہریوں کو بہترین، محفوظ اور سہل سفری سہولیات فراہم کرنا اسلام آباد ٹریفک پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 12

حاضری اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو تعلیمی اداروں میں معیاری تعلیم کے ساتھ صاف ستھرے ماحول کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ بعدازاں انہوں نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال مری کا دورہ کیا جہاں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) کی غیر حاضری پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ دار افسران کے خلاف فوری محکمانہ کارروائی کا حکم دیا۔ ہسپتال کے مختلف وارڈز میں صفائی کے ناقص انتظامات پر بھی انہوں نے ناراضی کا اظہار کیا اور ہسپتال انتظامیہ کو ڈاکٹروں اور دیگر طبی عملے کی سو فیصد حاضری، مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات، مفت ادویات کی فراہمی اور ہسپتال میں ہر وقت صفائی برقرار رکھنے کی سخت ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے جی ٹی روڈ مری پر جاری کارپٹنگ اور دیگر تعمیراتی کاموں کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت کے اندر اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ شہریوں اور سیاحوں کو بہتر سفری سہولیات میسر آ سکیں۔ انہوں نے بعد ازاں پنڈی پوائنٹ، مال روڈ، کشمیر پوائنٹ، بانسرہ گلی اور سنی بینک سمیت دیگر اہم سیاحتی مقامات کا دورہ کیا جہاں تجاوزات کے خلاف جاری کارروائی، صفائی کے انتظامات، کوڑا کرکٹ اٹھانے کے نظام اور امن و امان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ سیاحتی مقامات پر صفائی، ٹریفک کی روانی اور عوامی سہولیات کو ہر صورت برقرار رکھا جائے تاکہ سیاحوں اور مقامی شہریوں کو خوشگوار ماحول میسر آ سکے۔ ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے "ستھرا پنجاب" وژن کے تحت ضلع بھر میں صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے عملے کو چوبیس گھنٹے متحرک رہنے، صفائی کے انتظامات کو مزید بہتر بنانے اور مری کے حسن، ماحول اور نظم و ضبط کو برقرار رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 13

کے افسران، بلدیاتی اداروں کے نمائندگان، انجینئرز، سول سوسائٹی اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی محکمہ منصوبہ بندی و ترقی، حکومتِ سندھ اور شہری علاقائی پالیسی و اسٹریٹجک منصوبہ بندی ڈائریکٹوریٹ کے نمائندوں نے شرکت کی اور کنڈھکوٹ، کے ترقیاتی ماسٹر پلان کی تیاری سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی ڈائریکٹر (پلاننگ) اربن اینڈ ریجنل پالیسی اینڈ اسٹریٹجک پلاننگ، ذوالفقار علی ممبر اور علی مراد ابڑو، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، محکمہ منصوبہ بندی و ترقی پی اینڈ ڈی ڈی نے سندھ کے شہروں میں پائیدار معاشی ترقی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ماسٹر پلاننگ کے بہترین اصول، جیسے واضح اہداف کا تعین، اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت اور حالات کے مطابق تبدیلی لانے کی صلاحیت انتہائی اہم ہیں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ ماسٹر پلان ہاؤسنگ، پانی کی فراہمی، صفائی ستھرائی اور پائیدار ماحول جیسے شہری مسائل کا احاطہ کرے گا۔ ان کا مقصد مقامی اور علاقائی معیشت کو فروغ دینا، روزگار کے مواقع پیدا کرنا، آمدنی میں اضافہ اور انسانی وسائل کی ترقی ہے، تاکہ شہر امن، سلامتی اور خوشحالی کے ساتھ ایک بہترین منصوبہ بند شہر بن سکے انہوں نے مزید بتایا کہ حکومتِ سندھ نے 17 بڑے ثانوی شہروں، جن میں میرپور خاص، شہید بینظیر آباد اور حیدرآباد ڈویژن کے ضلعی ہیڈ کوارٹرز شامل ہیں، کے لیے جامع ترقیاتی ماسٹر پلان تیار کیے ہیں۔ اس کے علاوہ، مزید 14 شہروں، جن میں خیرپور، گھوٹکی، میرپور ماتھیلو، روہڑی، شکارپور، جیکب آباد، قمبر اور کندھ کوٹ شامل ہیں، ان کے ماسٹر پلان پر کام جاری ہے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر آغا شیر زمان نے کہا کہ ترقیاتی ماسٹر پلان مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے شہری ترقی، ٹریفک مینجمنٹ، بنیادی ڈھانچے کی بہتری، رہائشی منصوبہ بندی، نکاسی آب، ماحولیاتی تحفظ، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ وہ زمینی حقائق، عوامی ضروریات اور مستقبل کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی تجاویز پیش کریں تاکہ ایک جامع، مؤثر اور پائیدار ترقیاتی ماسٹر پلان تشکیل دیا جا سکے ورکشاپ کے دوران شرکاء نے اپنے اپنے شعبوں سے متعلق تجاویز پیش کیں اور شہری ترقی، بنیادی ڈھانچے، ٹرانسپورٹ، ماحولیات، بلدیاتی خدمات اور مستقبل کی منصوبہ بندی کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور ورکشاپ کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ تمام متعلقہ اداروں، منتخب عوامی نمائندوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون اور مؤثر مشاورت سے ایسا ترقیاتی ماسٹر پلان تیار کیا جائے گا جو سندھ کے ان بڑے ثانوی شہروں کی منظم، پائیدار اور مستقبل کی ضروریات سے ہم آہنگ ترقی کو یقینی بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔

بقیہ 15

اپنے بیان میں کہا ہے کہ شوہر نے جھگڑے تشدد کے بعد گولی مار دی، صرف 100 روپے کا وہی منگوانے پر تنازع شروع ہوا، جس کے بعد شوہر نے بدترین تشدد کیا۔ ارم شہزادی کے جسم پر تشدد اور گولی لگنے کے واضح نشانات دیکھے جا سکتے ہیں، زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا خاتون نے اعلیٰ حکام سے انصاف کی اپیل کر دی۔ تھانہ خانپور پولیس کے مطابق متاثرہ خاتون کا شوہر ملزم اشفاق احمد وقوعہ کے بعد فرار ہو گیا ہے، واقع کا مقدمہ درج کیا گیا گیا ملزم کی گرفتاری کے لیے کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 16

اسلام آباد میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کلیئرنگ ایجنٹس کے صدر مجیب شنواری، سابق رکن صوبائی اسمبلی شفیق شیر آفریدی، سابق صدر ایمل خان شنواری، مشیر صدر کسٹم کلیئرنس ایجنٹ ابوبکر آفریدی، نائب صدر عمر شنواری، فنانس سیکرٹری رفیق شنواری، پریس سیکرٹری رضوان اللہ شنواری، شاہجہان شنواری، زبد اللہ شنواری، ایاز شنواری، عظیم اللہ شنواری اور فیقین شنواری نے کہا کہ تقریباً دس سے گیارہ ماہ سے طورخم بارڈر کی بندش نے سرحدی علاقوں کی معیشت کو شدید بحران سے دوچار کر رکھا ہے۔

بقیہ 17

79 نمونے منظور شدہ معیار کے مطابق نہیں ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 30 آٹو ڈس ایبل سرنجز غیر معیاری اور جعلی پائی گئی ہیں، آٹو ڈس ایبل سرنجز صرف ایک بار استعمال کے لیے ہوتی ہیں، سپلائی کی جانے والی بعض سرنجز مکمل طور پر آٹو ڈس ایبل نہیں ہیں، غیر معیاری ہونے کے باعث آٹو ڈس ایبل سرنجز کا دوبارہ استعمال ہونے کا خدشہ ہے۔ ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری سندھ کے مطابق ایک ہی سرنج کو مختلف مریضوں پر استعمال کرنے سے انفیکشن اور علاج متاثر ہونے کا خدشہ ہے، معیاری آٹو ڈس ایبل سرنجز سے ایچ آئی وی، ہیپاٹائٹس اور خون سے منتقل ہونے والی بیماریوں کے پھیلاؤ سے بچا جا سکتا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ سندھ میں 20 ہربل مصنوعات میں ایلوپیتھک اجزا کی موجودگی پائی گئی جبکہ 9 ادویات ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان سے رجسٹرڈ نہیں ہیں۔

بقیہ 18

معہ ایمونیشن برآمد کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 19

میں عمر قید کی سزا سنائی گئی، تینوں مجرمان کو 10/10 لاکھ روپے ہرجانے کی بھی سزا سنائی گئی، واقعہ کا مقدمہ اگست 2022 تھانہ صادق آباد میں درج کیا گیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرمان کو قرار واقعی سزا سنائی، سنگین مقدمات میں مجرمان کو قرار واقعی سزا ملنا حق و انصاف کی فتح ہے۔

بقیہ 20

کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا، ایس پی راول سعد ارشد کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 21

رضوان ظفر قریشی، صدر ضلع لاہور ندیم چوہدری، اراکین نیشنل جنرل کونسل علی قادری، سیرت الٰہی، نواب نیئر افضل، مکمل خان، عذرا پروین اور سینیٹر کاشف سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں پارٹی کے تنظیمی امور، سابقہ نیشنل جنرل کونسل اجلاس کے فیصلوں پر پیشرفت، موجودہ سیاسی صورتحال اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں لاہور ڈویژن کی تنظیم کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے پارٹی کی تنظیم سازی، عوامی رابطہ، ممبر شپ مہم، اور کارکنان کو فعال کرنے کے حوالے سے مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں لاہور کے مرکزی دفتر کے انتظامات، تنظیمی ڈھانچے، ذمہ داریوں کی تقسیم اور آئندہ سرگرمیوں کے موثر انعقاد پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔

بقیہ 22

کو ابتدائی امداد فراہم کرنے کے بعد ٹی ایچ کیو ہسپتال مرید کے منتقل کیا گیا تاہم دورانِ علاج دو زخمی خواتین زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئیں۔ جن میں 60 سالہ نسیم اور اسکی بیٹی 30 سالہ ثناء شامل تھیں اور ساٹھ سالہ باپ ڈرائیور ندیم شدید زخمی ہو گیا۔ جاں بحق اور زخمی کو ٹی ایچ کیو ہسپتال مرید کے منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق حادثے کی شکار فیملی کا تعلق سیالکوٹ سے ہے، ٹرالر چھوڑ کر ڈرائیور فرار ہو گیا جسے تھانہ منتقل کر دیا گیا ہے۔ موٹروے پولیس نے واقعے سے متعلق تمام قانونی کارروائی ضابطے کے مطابق مکمل کر لی ہے جبکہ حادثے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 23

کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 24

مطابق ڈی جی سیف سٹی/ ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی زیر صدارت سیف سٹی توسیعی منصوبے کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (CDA)، ون نیٹ ورک پرائیویٹ لمیٹڈ اور سیف سٹی اسلام آباد کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مصنوعی ذہانت (AI) سے لیس جدید کیمروں اور سمارٹ پولینگ کے ذریعے شہر کے مختلف چوراہوں پر ٹریفک کی خودکار نگرانی، ٹریفک قوانین پر مؤثر عملدرآمد، ٹریفک سگنلز کی بہتر مینجمنٹ اور رش کے اوقات میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈی جی سیف سٹی/ ڈی آئی جی ٹریفک نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی اور سمارٹ پولینگ کے ذریعے شہریوں کو محفوظ اور منظم ٹریفک نظام فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، جبکہ سیف سٹی توسیعی منصوبے کی تکمیل سے ٹریفک کی نگرانی مزید مؤثر، ٹریفک مسائل میں نمایاں کمی اور شہریوں کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی۔

بقیہ 25

میں 440 ٹاورز پر فائیو جی لانچ کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مئی میں پاکستان میں اوسط 10 گھنٹے لوڈ شیڈنگ ہوئی، کچھ علاقوں میں 18 گھنٹوں کی لوڈ شیڈنگ ہوئی ہے۔ ٹیلی کام ٹاورز کو لوڈ شیڈنگ سے استثنیٰ دینے کیلئے وزیراعظم نے کمیٹی بنائی ہے۔

بقیہ 26

اور پاک فوج، سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و جوان روزانہ اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ انہوں نے اپنی پریس کانفرنس شہید میجر عدنان حیدر اور ایس ایس جی کمانڈو تحسین شہید کے نام منسوب کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کے جوان تنخواہ کے لیے نہیں بلکہ وطن، قوم اور آنے والی نسلوں کے تحفظ مستقبل کے لیے اپنی جانیں قربان کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کی تاریخ میں مجاہدین اور سپاہیوں کو بیت المال سے وظائف اور معاوضے دیے جاتے رہے ہیں، اس لیے تنخواہ لینے کو شہادت کی عظمت سے جوڑنا تاریخی اور دینی حقائق کے بھی منافی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان کے حالیہ ریمارکس سے نہ صرف پاک فوج بلکہ شہداء کے خاندانوں اور پوری پاکستانی قوم کے جذبات مجروح ہوئے ہیں، جبکہ ایسے بیانات دشمن قوتوں کے بیانیے کو تقویت دیتے ہیں۔ فیاض الحسن چوہان نے الزام عائد کیا کہ بعض سیاسی عناصر دہشت گردی کے خلاف جاری آپریشنز کے دوران قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ملک کے دفاع کے لیے مکمل طور پر کافی ہیں اور کسی متوازی لشکر یا نجی فورس کی ضرورت نہیں۔ انہوں نے مولانا فضل الرحمان سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنے بیان پر قوم، شہداء کے لواحقین اور سکیورٹی فورسز سے معذرت کریں۔

بقیہ 27

ماہرین کے مطابق آئی ٹی برآمدات میں نمایاں اضافے کے پیچھے سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ، بزنس پراسیس آؤٹ سورسنگ، سافٹ ویئر بطور سروس اور گیمنگ انڈسٹری کی تیز رفتار ترقی بنیادی عوامل ہیں۔ پاکستانی آئی ٹی کمپنیوں نے جاپان، سنگاپور اور ایشیا پیسفک کی دیگر ابھرتی ہوئی مارکیٹس میں اپنی موجودگی مضبوط بنائی جس کے نتیجے میں برآمدی آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ ہوا۔ اس کے ساتھ ساتھ چھوٹے اور درمیانے درجے کے ٹیکنالوجی اداروں نے نئی عالمی منڈیوں تک رسائی حاصل کر کے برآمدات کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 28

پولیس آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی زیرِ صدارت سواں زون کے افسران کے ساتھ کرائم کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس پی سواں زون خرم اشرف، متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔ اجلاس میں جرائم کی مجموعی صورتحال، زیرِ تفتیش مقدمات، اشتہاری مجرمان کی گرفتاری

حبیب آباد پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی

منشیات فروش گرفتار، ملزم سے ایک کلوگرام چرس برآمد، انسدادِ منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج

مزید تفتیش جاری ہے، سہولت کاروں یا دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے بھی کارروائی کی جا رہی ہے

نسل نو کو منشیات کے مضر اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے کارروائی جاری رہے گی، اشرف چوہدری

حبیب آباد (رشید احمد نعیم) ڈی پی او قصور آفتاب احمد بھلروان کی ہدایات پر ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف جاری مہم کے دوران تھانہ صدر چوکی پولیس نے حبیب آباد کے علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے ایک مبینہ منشیات فروش کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی ڈی ایس پی سرکل چوکی ملک ناصر کی نگرانی اور ایس ایچ او تھانہ صدر چوکی انسپکٹر معروف خان کی سربراہی میں چوکی انچارج (بقیہ نمبر 9)

تھانہ صدر چوکی پولیس کی کارروائی کے دوران پکڑا گیا منشیات فروش پولیس حراست میں

صرف 100 روپے کے تنازع پر شوہر نے بیوی کو گولی مار دی

راولپنڈی (آئی آئی پی) ڈھوک کالا خان کے علاقے کی رہائشی خیبر پختونخوا میں سسرالیوں کے بہیمانہ تشدد کا نشانہ بن گئی، متاثرہ خاتون کو تشویشناک حالت میں ہولی فیملی ہسپتال منتقل کر دیا گیا، متاثرہ خاتون تین بچوں کی ماں اور شادی فقیر آباد خانپور میں ہوئی ہے۔ متاثرہ خاتون ارم شہزادی نے (بقیہ نمبر 15)

توشہ خانہ ایکٹ 2024 کے قواعد تاحال نہ بن سکے

اسلام آباد (این این آئی) توشہ خانہ ایکٹ نافذ ہونے کے مہینوں بعد بھی قواعد نہ بن سکے۔ آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق توشہ خانہ ایکٹ 2024 پر عملدرآمد شروع ہی نہ ہو سکا۔ آڈٹ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 19 اپریل 2024 کو توشہ خانہ ایکٹ نافذ ہوا، تاحال قواعد نہ بن سکے، جس کے باعث توشہ خانہ ایکٹ جزوی طور پر غیر موثر ہو گیا۔ حکام کے مطابق 5 نومبر 2025 کو معاملہ حکومت کے نوٹس میں لایا گیا جس کا تاحال جواب نہ ملا۔

لیسکو کا سمارٹ کی بجائے عام سٹیٹک سنگل فیز میٹرز کی خریداری کا فیصلہ

کمپنی نے 4 لاکھ سنگل فیز سٹیٹک میٹرز خریدنے کی منظوری دے دی

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے اے ایم آئی سمارٹ میٹرز کی بجائے ایک بار پھر عام سٹیٹک سنگل فیز میٹرز کی خریداری کا فیصلہ کر لیا ہے، کمپنی نے 4 لاکھ سنگل فیز سٹیٹک میٹرز خریدنے کی منظوری دے دی ہے۔ لیسکو کی جانب سے تقریباً ایک ارب ستر کروڑ روپے کی لاگت سے میٹرز خریدے جائیں گے جس کے لیے خریداری کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔

طورخم بارڈر کو فوری طور پر کھولا جائے، تاجروں کا مطالبہ

تجارتی سرگرمیاں بحال اور ٹیکس ریفنڈز جاری کیے جائیں، مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) طورخم بارڈر سے وابستہ امپورٹرز، ایکسپورٹرز، کلیئرنگ ایجنٹس، ٹرانسپورٹرز اور تاجروں نے حکومت سے طورخم بارڈر فوری طور پر ہر قسم کی تجارتی سرگرمیوں کے لیے کھولنے، زیر التوا ٹیکس ریفنڈز جاری کرنے اور متاثرہ کاروباری افراد کے نقصانات کا ازالہ کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل پریس کلب (بقیہ نمبر 16)

3 ملزمان گرفتار، چرس اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کر کے چرس اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر واہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 800 گرام چرس برآمد کی، وارث خان پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ریس کورس پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ (بقیہ نمبر 18)

سندھ میں 79 ادویات اور سرنجز کے نمونے غیر معیاری اور جعلی قرار

30 آٹو ڈس ایبل سرنجز غیر معیاری اور جعلی پائی گئی ہیں، ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری سندھ

کراچی (این این آئی) ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری سندھ نے مختلف ایلوپیتھک و ہربل ادویات اور سرنجز کے 79 نمونے غیر معیاری اور جعلی قرار دے دیے۔ ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری سندھ نے جنوری سے 13 جولائی کے درمیان لیے گئے ادویات اور سرنجز کے نمونوں کی ٹیسٹنگ رپورٹ جاری کر دی، رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 2461 نمونوں میں سے (بقیہ نمبر 17)

اسسٹنٹ کمشنر ٹیکسلا مریم نواز ہیلتھ کا دورہ کے دوران مریضوں سے بات چیت کر رہی ہیں

اسسٹنٹ کمشنر ٹیکسلا کا مریم نواز ہیلتھ کا دورہ

براہا باہتر میں زیرِ تعمیر مریم نواز ہیلتھ کلنک کی نئی عمارت کا معائنہ کیا جہاں تعمیراتی کام 80 فیصد مکمل ہو چکا ہے

ہیلتھ مینیجر اور عملہ اپنی ڈیوٹی پر حاضر تھا اور جون 2026 کے او پی ڈی کے ماہانہ اہداف حاصل کیے جانے پر اطمینان کا اظہار کیا گیا

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر ٹیکسلا نے یونین کونسل واہ کے گاؤں ساگراہ میں ستھرا پنجاب ٹیم کی کارکردگی اور براہا باہتر، ٹیکسلا میں مریم نواز ہیلتھ کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ستھرا پنجاب کے تحت صفائی کے انتظامات، نالوں کی ڈی سلٹنگ، مکینیکل سویپنگ اور مقررہ مقامات پر کوڑا کرکٹ کے کنٹینرز کا جائزہ لیا گیا جبکہ شہریوں نے ستھرا (بقیہ نمبر 10)

شہری ماجد ستی قتل، مقدمہ میں 3 مجرمان کو سزا سنا دی گئی

سنگین مقدمات میں مجرمان کو قرار واقعی سزا ملنا حق و انصاف کی فتح ہے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث شہری ماجد ستی کو قتل کرنے کے مقدمہ میں 3 مجرمان کو سزا سنا دی۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ، فائرنگ کر کے شہری ماجد ستی کو قتل کرنے کے مقدمہ میں معزز عدالت نے 3 مجرمان کو سزا سنا دی، مجرم فرخ امتیاز کھوکھر کو قتل اور دیگر دفعات میں عمر قید کی سزا سنائی گئی، مجرم امیر حمزہ کو قتل اور دیگر دفعات میں عمر قید کی سزا سنائی گئی، مجرم حیدر علی کو قتل اور دیگر دفعات (بقیہ نمبر 19)

راولپنڈی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری سال 2024 سے پولیس کو مطلوب تھا، وارث خان پولیس نے ہیومین انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے (بقیہ نمبر 20)

عوام پاکستان پارٹی کا سیاسی سرگرمیوں میں تیزی لانے کا فیصلہ

پارٹی کو مضبوط، منظم، عوام دوست سیاسی قوت بنایا جائیگا، لاہور ڈویژن کا اجلاس

لاہور (پ ر) عوام پاکستان پارٹی نے بلدیاتی انتخابات کے تناظر میں گراس روٹ سطح پر تنظیم سازی اور عوام سے موثر رابطوں کی حکمت عملی مرتب کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ آنے والے مہینوں میں سیاسی سرگرمیوں میں تیزی لائی جائے گی۔ لاہور ڈویژن کی دوسری نیشنل جنرل کونسل کا اجلاس رکن نیشنل جنرل کونسل نواب نیئر افضل کے دفتر میں منعقد ہوا جس میں صدر لاہور ڈویژن سید شاہین انور گیلانی، جنرل سیکرٹری (بقیہ نمبر 21)

منشیات سپلائر شیر عالم کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث منشیات سپلائر شیر عالم کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنا دی، مجرم شیر عالم کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 200 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ چکلالہ پولیس نے جنوری 2023 میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی، منشیات (بقیہ نمبر 23)

لاہور سیالکوٹ موٹروے پر ٹریفک حادثے میں ماں بیٹی جاں بحق

کار اور ٹرالر کے درمیان خوفناک تصادم ہوا، ڈرائیور ٹرالر چھوڑ کر فرار ہو گیا

مریدکے الاہور (این این آئی) مریدکے کے قریب لاہور سیالکوٹ موٹروے پر کار اور ٹرالر میں خوفناک تصادم کے نتیجے میں ماں بیٹی جاں بحق ہو گئیں۔ موٹروے پولیس کے مطابق حادثہ تھانہ فیروز والا کی حدود میں اس وقت پیش آیا جب ایک کار ٹرالر سے ٹکرا گئی۔ اطلاع ملتے ہی موٹروے پولیس کی ٹیم فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچی اور زخمیوں (بقیہ نمبر 22)

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کیخلاف کارروائیاں جاری

ایک ماہ کے دوران ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 66 ہزار سے زائد ڈرائیورز کیخلاف کارروائیاں عمل میں لائیں گئیں

9,847 سے زائد گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں مختلف تھانوں میں بند، جبکہ سنگین خلاف ورزیوں پر 379 مقدمات درج کیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس کی ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف خصوصی کارروائیاں جاری، گزشتہ ایک ماہ کے دوران ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 66 ہزار سے زائد ڈرائیورز کے خلاف قانونی کارروائیاں عمل میں لائیں گئیں، 9,847 سے زائد گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں مختلف تھانوں میں بند، جبکہ سنگین خلاف ورزیوں پر 379 مقدمات درج کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد، سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد ٹریفک پولیس نے گزشتہ ایک (بقیہ نمبر 11)

اپنے والد، چچا اور دادا کو چاقو کے وار اور تشدد کر کے زخمی کرنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) پیرودھائی پولیس نے جائیداد کے تنازعہ پر اپنے والد، چچا اور دادا کو چاقو کے وار اور تشدد کر کے زخمی کرنے والا شخص گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے جائیداد کے تنازعہ پر اپنے والد، چچا اور دادا کو چاقو کے وار اور تشدد کر کے زخمی کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، واقعہ کا مقدمہ چند روز قبل درج کیا گیا تھا، پیرودھائی پولیس نے تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈ کوارٹر) عبدالرحمٰن خان ڈسٹرکٹ ویجی لینس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر مری کا مختلف عوامی تعلیمی، طبی اور ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

دورے کا مقصد انتظامی امور کی نگرانی، عوامی سہولیات کی فراہمی، صفائی ستھرائی کے انتظامات، ترقیاتی منصوبوں کی صورتحال کا جائزہ لینا تھا

ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال مری کا دورہ، جہاں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) کی غیر حاضری پر سخت برہمی کا اظہار

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے ضلع مری کے مختلف تعلیمی اداروں، طبی مراکز، ترقیاتی منصوبوں اور سیاحتی مقامات کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا مقصد انتظامی امور کی نگرانی، عوامی سہولیات کی فراہمی، صفائی ستھرائی کے انتظامات، ترقیاتی منصوبوں کی رفتار اور امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لینا تھا۔ ڈپٹی کمشنر نے اپنے دورے کا آغاز گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول بوائز سنی بینک، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول اور لارنس کالج مری سے کیا جہاں انہوں نے تدریسی ماحول، کلاس رومز، بنیادی سہولیات، اساتذہ کی (بقیہ نمبر 12)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیرِ صدارت اجلاس میں، ڈی آئی جی اسلام آباد، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز، ایس ایس پی آپریشنز، ڈی جی/ایس ایس پی سیف سٹی اور ایس ایس پی سیکورٹی/ایڈمن نے شرکت کی

آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس

سیف سٹی ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال، شہریوں کو بہتر پولیس سروسز کا جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیرِ صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز محمد عتیق طاہر سمیت دیگر سینئر پولیس افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں وفاقی دارالحکومت کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، آپریشنل حکمتِ عملی، (بقیہ نمبر 3)

پنجاب میں مقیم چینی شہریوں کی سکیورٹی مزید سخت

پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا پینک بٹن منصوبہ توسیع دینے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں مقیم چینی شہریوں کی سکیورٹی مزید مؤثر بنانے کے لیے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے پینک بٹن منصوبے کو وسعت دینے کا فیصلہ کر لیا۔ حکام کے مطابق چینی شہریوں اور اہم تنصیبات کے تحفظ کے لیے جدید الرٹ سسٹم متعارف کرایا جا رہا ہے، جس کے تحت رہائش گاہوں اور ورک سائٹس پر پینک بٹن نصب کیے جائیں گے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اطلاع متعلقہ اداروں تک پہنچ سکے۔ منصوبے کے (بقیہ نمبر 34)

400 کلو چاندی چوری کیس، سابق کلکٹر کسٹم سمیت مزید 5 ملزمان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) 400 کلو چاندی چوری کیس میں مزید 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان میں سابق کلکٹر کسٹم کرم الٰہی بھی شامل ہے، کیس میں 2 کسٹم افسران عارف اور سمیع اللہ پہلے ہی گرفتار ہیں۔ کوئٹہ سے ایف آئی اے ترجمان کے مطابق ملزمان سے 214 کلو چاندی اور 49 لاکھ روپے نقد برآمد کیا گیا، محکمہ کسٹم میں اپریل میں 400 (بقیہ نمبر 31)

پاکستان، روس، چین، ایران کے وزرائے خارجہ اگلے ہفتے اکٹھے ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان، چین، ایران اور روس کے وزرائے خارجہ اگلے ہفتے اکٹھے ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیر خارجہ اسحاق ڈار اگلے ہفتے کرغزستان جائیں گے جہاں بشکک میں ایس سی او وزرائے خارجہ اجلاس 24 جولائی کو ہوگا اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ اجلاس میں بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر کی بھی شرکت کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق وزرائے خارجہ اجلاس میں سربراہی اجلاس کا ایجنڈا طے ہوگا۔ ایس سی او سربراہی (بقیہ نمبر 32)

اسسٹنٹ کمشنر راولپنڈی صدر کا ایل پی جی گیس پلانٹ کا دورہ

دورے کے دوران گیس پلانٹ بند پایا گیا، جس پر متعلقہ ریکارڈ اور صورتحال کا جائزہ لیا گیا اور ذمہ داران کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں

ایل پی جی کی مصنوعی قلت، ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر راولپنڈی صدر، اختر ملک، نے ایک ایل پی جی گیس پلانٹ کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران گیس پلانٹ بند پایا گیا، جس پر متعلقہ ریکارڈ اور صورتحال کا جائزہ لیا گیا اور ذمہ داران کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ ضلع بھر میں ایل پی جی کی مصنوعی قلت، ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری یا مقررہ نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی عمل (بقیہ نمبر 13)

اسسٹنٹ کمشنر راولپنڈی صدر، اختر ملک ایک ایل پی جی گیس پلانٹ کا اچانک دورہ کر رہے ہیں

صدر زرداری کی فرانس کی قیادت کو قومی دن پر مبارکباد

دونوں ممالک کے درمیان قریبی تعاون باہمی دلچسپی کے شعبوں میں مزید وسعت پائیگا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے فرانس کے صدر، اِمینوئیل میکرون اور فرانس کے عوام کو قومی دن پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان قریبی تعاون باہمی دلچسپی کے شعبوں میں مزید وسعت پائے گا، جس سے (بقیہ نمبر 35)

وزیر اعلیٰ کے ویژن کے مطابق پنجاب ہیلتھ کنیکٹ پروگرام کا آغاز

اوورسیز اور عالمی ماہر ڈاکٹرز سرکاری ہسپتالوں میں خدمات انجام دیں گے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت ''پنجاب ہیلتھ کنیکٹ'' پروگرام کا آغاز کر دیا گیا ہے، پاکستانی نژاد اور غیر ملکی ڈاکٹرز اور سرجن اب پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں خدمات سرانجام دیں گے، اس پروگرام کے تحت اوورسیز پاکستانی اور بین الاقوامی ماہر ڈاکٹرز و سرجن پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں خدمات انجام دیں گے، اس پروگرام کے تحت مقامی طبی عملے کو جدید مہارتوں کی تربیت بھی فراہم کریں گے۔ محکمہ صحت نے (بقیہ نمبر 36)

تھانہ نصیر آباد پولیس کی کارروائی، تین روز قبل خاتون سے پرس چھین کر فرار ہونے والا ڈاکو ساتھی سمیت گرفتار خاتون سے چھینی گئی طلائی انگوٹھی، موبائل اور پرس برآمد

خاتون سے پرس چھین کر فرار ہونے والا ڈاکو ساتھی سمیت گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ نصیر آباد پولیس نے تین روز قبل خاتون سے پرس چھین کر فرار ہونے والا ڈاکو ساتھی سمیت گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تین روز قبل خاتون سے پرس چھین کر فرار ہونے والے ڈاکو کو ساتھی سمیت گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگ سے خاتون سے چھینی گئی طلائی انگوٹھی، موبائل اور پرس برآمد ہوا، گینگ نے دوران تفتیش ڈکیتی کی متعدد وارداتوں کا انکشاف بھی کیا، گینگ (بقیہ نمبر 38)

ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ آغا شیر زمان کی زیر صدارت اجلاس

ترقیاتی ماسٹر پلان کی تیاری کے سلسلے میں متعلقہ اداروں سے مشاورت اور مستقبل کی منصوبہ بندی پر مبنی ورکشاپ کا انعقاد

ماسٹر پلان ہاؤسنگ، پانی کی فراہمی، صفائی ستھرائی اور پائیدار ماحول جیسے شہری مسائل کا احاطہ کرے گا، ڈپٹی کمشنر کشمور

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ: ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھکوٹ آغا شیر زمان کی زیر صدارت سندھ کے بڑے ثانوی شہروں کے ترقیاتی ماسٹر پلان کی تیاری کے سلسلے میں متعلقہ اداروں سے مشاورت اور مستقبل کی منصوبہ بندی پر مبنی ورکشاپ ڈپٹی کمشنر آفس کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوئی ورکشاپ میں چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل کشمور میر گل محمد خان جکھرانی وائس چیئرمین الطاف خان کھوسو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کشمور مسرور احمد بجارانی سمیت مختلف وفاقی و صوبائی سرکاری محکموں (بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد پولیس کا گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن

10 مشکوک افراد، 19 موٹر سائیکل مختلف تھانہ جات منتقل کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن کے دوران جانچ پڑتال کیلئے 10 مشکوک افراد اور 19 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی سیکورٹی آپریشنز اسلام آباد سلیمان ظفر کی سپرویژن میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشن کیے گئے۔ سرچ آپریشن (بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد ٹریفک پولیس کالین وائلیشن کرنے والوں کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

ڈی جی سیف سٹی کا سیف سٹی توسیعی منصوبے کا جائزہ

رش کے اوقات میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے اقدامات کا بھی جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) ڈی جی سیف سٹی/ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ نے سیف سٹی توسیعی منصوبے، مصنوعی ذہانت (AI) پر مبنی کیمروں اور سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے ٹریفک کی خودکار نگرانی، قوانین پر مؤثر عملدرآمد اور رش کے اوقات میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے اقدامات کا جائزہ لیا اور احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 4)

پاکستان میں 440 ٹاورز پر فائیو جی لانچ کر دی گئی

مئی میں پاکستان میں اوسط 10 گھنٹے لوڈ شیڈنگ ہوئی، چیئرمین پی ٹی اے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن اتھارٹی نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ اسپیڈ کو ایورریج سے میڈیم پر لے کر گئے ہیں، پاکستان میں 440 ٹاورز پر فائیو جی لانچ کر دی گئی ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے آئی ٹی و ٹیلی کام کا اجلاس ہوا۔ اس موقع پر چیئرمین پی ٹی اے نے کہا کہ اسلام آباد سے سائیٹ پر جائیں تو انٹرنیٹ اسپیڈ کم ہو جاتی تھی۔ چیئرمین پی ٹی اے نے کہا کہ میرے اپنے علاقے میں ایک ایم پی بی ایس اسپیڈ تھی، پاکستان (بقیہ نمبر 25)

ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی زیرِ صدارت اہم میٹنگ۔ میٹنگ میں ایس ایس پی آپریشنز سیف سٹی کیپٹن (ر) حمزہ ہمایوں، چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر اور کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی ٹیم نے شرکت کی

مولانا فضل الرحمان قوم، شہداء کے لواحقین سے معذرت کریں

شہداء کی قربانیوں پر سوال اٹھانا قوم کے جذبات مجروح کرنے کے مترادف ہے

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج آئینی ذمہ داریاں ادا کر رہی ہے

استحکام پاکستان کے مرکزی ترجمان فیاض الحسن چوہان کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی ترجمان فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ پاک فوج کے شہداء اور سکیورٹی فورسز کی قربانیوں پر سوال اٹھانا پوری قوم کے جذبات مجروح کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مولانا فضل الرحمان اپنے حالیہ بیان پر قوم، شہداء کے لواحقین اور سکیورٹی فورسز سے معذرت کریں۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے فیاض الحسن چوہان نے کہا کہ پاکستان اس وقت دہشت گردی کے خلاف اہم جنگ لڑ رہا ہے (بقیہ نمبر 26)

پاکستان کی آئی ٹی برآمدات نے نئی تاریخ رقم کر دی

پہلی بار 4.5 ارب ڈالر کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کے انفارمیشن ٹیکنالوجی شعبے نے مالی سال 26-2025 میں برآمدات کا نیا ریکارڈ قائم کرتے ہوئے ملکی معیشت کے لیے ایک اہم سنگ میل عبور کر لیا۔ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 26-2025 کے دوران پاکستان کی آئی ٹی برآمدات پہلی مرتبہ 4.5 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں جو گزشتہ مالی سال کی 3.475 ارب ڈالر کی برآمدات کے مقابلے میں تقریباً 29 فیصد زیادہ ہیں۔ (بقیہ نمبر 27)

ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کر رہے ہیں

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کی زیر صدارت کرائم سے متعلق اجلاس

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی زیر صدارت سواں زون کے افسران کا کرائم سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں راہزنی، چوری، قبضہ مافیا، منشیات فروشوں، اشتہاری مجرمان اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیوں کی ہدایت کی گئی، مؤثر تفتیش اور مضبوط شواہد کی بنیاد پر ملزمان کو قرار واقعی سزا دلانے پر زور دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف (بقیہ نمبر 28)

ڈی جی سیف سٹی/ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ سیف سٹی بلڈنگ میں نصب تکنیکی نظام اور روف ٹاپ سکیورٹی کا جائزہ لے رہے ہیں

راہزنی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث سات ملزمان گرفتار

چوری شدہ موٹر سائیکلیں، قیمتی موبائل فونز، نقدی اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے راہزنی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث سات ملزمان گرفتار کر کے چوری شدہ موٹر سائیکلیں، قیمتی موبائل فونز، نقدی اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کو مزید مؤثر بناتے ہوئے مختلف کارروائیوں کے دوران راہزنی، موٹر سائیکل چوری، موبائل فون چوری اور دیگر جرائم میں ملوث سات رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا۔ تھانہ کراچی کمپنی، تھانہ گولڑہ، تھانہ بنی گالا اور تھانہ بھارہ کہو پولیس ٹیموں نے کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان (بقیہ نمبر 29)

کہوٹہ واٹر سپلائی اور ڈرینج منصوبوں سے متعلق اہم اجلاس

عوام کو صاف پانی کی فراہمی اولین ترجیح ہے، اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ شیریں گل

کہوٹہ (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ محترمہ شیریں گل کی زیر صدارت پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کی واٹر سپلائی اور ڈرینج اسکیموں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے ایس ڈی او، متعلقہ ٹیم، ٹی ایم اے آفس کے سب انجینئر اور مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے بڑی تعداد میں شہریوں نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد واٹر سپلائی اور ڈرینج سے متعلق عوام کو درپیش دیرینہ مسائل (بقیہ نمبر 30)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035